E-mail dailyshamal1991@gmail.com
dailyshamal.com.pk
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | صوبہ پختونخواہ کا سب سے زیادہ فروخت ہونیوالا اخبار | A.B.C CERTIFIED
روزنامہ
شمال
The Daily SHAMAL ABBOTTABAD
ایبٹ آباد
بیاد نیاز پاشا جدون
فون نمبر 0992-385577
جلد نمبر 37 | پیر 12 رمضان المبارک 1447ھ 02 مارچ 2026ء 2083ب | صفحات 4 | قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 10

مانسہرہ (تحصیل جنرل رپورٹر + ڈسٹرکٹ نامہ نگار) مانسہرہ میں پانی کا بحران شدت اختیار کر گیا، شہریوں کے علاوہ کنگ عبداللہ ٹیچنگ ہسپتال میں مریض (بقیہ صفحہ 3 نمبر 1)

مانسہرہ میں پانی کا بحران شدت اختیار کر گیا، شہریوں کیساتھ مریض بھی متاثر ہونے لگے

افغان مہاجرین کیخلاف آپریشن دوسرے روز بھی جاری، درجنوں گرفتار

پولیس نے ضلع کے مختلف علاقوں میں کارروائیاں کرتے ہوئے غیر قانونی طور پر مقیم درجنوں افغان مہاجرین کو حراست میں لے لیا

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) افغان مہاجرین کے خلاف آپریشن دوسرے روز بھی جاری، درجنوں افراد گرفتار مانسہرہ میں افغان مہاجرین کے خلاف کریک ڈان دوسرے روز بھی جاری رہا۔ پولیس نے مختلف علاقوں میں کارروائیاں کرتے ہوئے غیر قانونی طور پر مقیم درجنوں افغان مہاجرین کو حراست میں لے لیا۔ یولیس ذرائع کے مطابق مانسہرہ شہر سے 25، شنکیاری سے 15، بفہ سے 20، مانسہرہ صدر (بقیہ صفحہ 3 نمبر 3)

مانسہرہ (چیف رپورٹر) ضلع مانسہرہ میں دوسرے روز بھی افغان مہاجرین کے لیے مہاجرین کے خلاف اپریشن جاری مانسہرہ شہر سے 25 شنکیاری سے 15 بفہ سے 20 مانسہرہ صدر سے 13 خاکی سے 15 گڑھی حبیب اللہ سے 20 بالاکوٹ 20 غیر (بقیہ صفحہ 3 نمبر 2)

مانسہرہ، مسلم لیگ ن کے زیر اہتمام افواج پاکستان سے اظہار یکجہتی کیلئے نکالی گئی ریلی سے مقررین خطاب کر رہے ہیں

گاؤں کیلک کے تمام مسائل کو ترجیح بنیادوں پر حل کریں گے

جو بھی آپ لوگوں کا مطالبہ ہے اس کو پورا کیا جائے گا، بابائے بلدیات یوسف ایوب خان

حویلیاں (نمائندہ شمال) گاؤں کیلک کے تمام مسائل کو ترجیح بنیادوں پر حل کریں گے جو بھی آپ لوگوں کا مطالبہ ہے اس کو پورا کیا جائے گا فخرے ھزارہ بابائے بلدیات یوسف ایوب خان سے کیلگ گاں کی ھردلعزیز شخصیت جنرل کونسلر حاجی خانداد خان جدون اور امداد خان ۔خورشید خان جدون ۔مولانا ھارون معاویہ جدون کی اھم ملاقات گاں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 4)

تازہ ترین خبروں اور SHAMAL E Paper کیلئے وزٹ کیجئے
dailyshamal.com.pk

ہری پور ٹی ایم اے کلاس فور ملازمین کی بھتہ مہم ختم نہ ہوسکی

کلاس فور ملازمین سارا دن گھڑہ فروش ریڑھی بانوں سے بھتہ لیتے دیکھے گئے، توجہ دلانے کے باوجود افسران کے سر جوں تک نہ رینگی

ہری پور (چیف رپورٹر) ٹی ایم اے ہری پور کلاس فور ملازمین کی بھتہ مہم ختم نہ ہوسکی، کلاس فور ملازمین سارا دن گھڑہ فروش ریڑھی بانوں سے بھتہ لیتے دیکھے گئے، حل طلب مسائل کی جانب کئی بار توجہ بھی مبذول کروائی گئی مگر ٹی ایم اے افسران کے سر جوں تک نہ رینگی، مفت خوری کی لت نے انہیں خرام خور اور بھتہ خور بنا دیا، کمشنر ہزارہ سے نوٹس لینے کا مطالبہ، باوثوق ذرائع کے مطابق ٹی ایم اے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 5)

وزیر اعلیٰ نے خالی آسامیوں پر بھرتی کی منظوری دیدی

وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی کی زیر صدارت بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا گیارہواں اجلاس وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ پشاور میں منعقد ہوا

ایبٹ آباد (ہینڈ آؤٹ) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی کی زیر صدارت بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا گیارہواں اجلاس وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ پشاور میں منعقد ہوا جس میں رواں مالی سال کے بجٹ، بورڈ کے تحت مختلف کمیٹیوں کی تشکیل اور خالی آسامیوں پر بھرتی کی منظوری دی گئی۔ وزیر اعلیٰ نے تمام متعلقہ محکموں کو سرمایہ کاروں کے لیے ون ونڈو آپریشن کی سہولت یقینی بنانے کی ہدایت کی اور کہا کہ صوبائی حکومت سرمایہ کاروں کو کاروبار دوست ماحول فراہم کرنے کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے اور صوبے میں موجود پوٹینشل کی مؤثر یوٹیلائزیشن ہی حکومت کا حتمی مقصد ہے۔ انہوں نے متعلقہ محکموں کو جاری اقدامات بروقت مکمل (بقیہ صفحہ 3 نمبر 6)

کوٹ نجیب اللہ مرکزی گراؤنڈ میں نصب بجلی کے پول زمین بوس ہونے کے قریب

اس وقت سپورٹ صرف ایک جانب سے انکی ہوئی ہے اگر خدانخواستہ یہ سپورٹ گری تو پول کے ساتھ لگی تمام تاریں بھی نیچے آسکتی ہیں

کوٹ نجیب اللہ (کرائم رپورٹر) کوٹ نجیب اللہ کے مرکزی گراؤنڈ میں نصب بجلی کے پول کی سپورٹ ٹوٹنے کے قریب ہے، اس وقت سپورٹ صرف ایک جانب سے انکی ہوئی ہے اور کسی بھی وقت زمین پر گر سکتی ہے، اگر خدانخواستہ یہ سپورٹ گری تو پول کے ساتھ لگی تمام تاریں بھی نیچے آسکتی ہیں، جس سے کھیلتے ہوئے بچوں اور نوجوانوں کی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 13)

اسسٹنٹ کمشنر خانپور جنید خالد نے بازار کا معائنہ کیا

صفائی اور مقررہ قیمتوں پر اشیائے خوردونوش کی فروخت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

خان پور (کرائم رپورٹر) اسسٹنٹ کمشنر خانپور جناب جنید خالد نے سب ڈویژن خانپور میں پھل و سبزی فروشوں، قصائی دکانوں، بیکریوں اور کریانہ اسٹورز کا اچانک معائنہ کیا جہاں سرکاری نرخناموں کی دستیابی، صفائی ستھرائی کے انتظامات اور مقررہ قیمتوں پر اشیائے خوردونوش کی فروخت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، چند دکانداروں کی جانب (بقیہ صفحہ 3 نمبر 12)

میجر جنرل جواد احمد کا کنٹونمنٹ بورڈ ایبٹ آباد کا دورہ کے موقع پر سٹاف کے ہمراہ گروپ فوٹو

اصغر خان کا عملہ کے ہمراہ حویلیاں بازار کا تفصیلی دورہ

اشیائے خوردونوش کے معیار، مقدار اور سرکاری نرخ ناموں پر عملدرآمد کا جائزہ لیا گیا

ایبٹ آباد (ہینڈ آؤٹ) ڈپٹی کمشنر ایبٹ آباد کی خصوصی ہدایات پر تحصیلدار حویلیاں اصغر خان نے عملہ کے ہمراہ حویلیاں بازار کا ہنگامی اور تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کے دوران درجنوں دکانوں کا معائنہ کیا گیا اور اشیائے خوردونوش کے معیار، مقدار اور سرکاری نرخ ناموں پر عملدرآمد کا جائزہ لیا گیا۔ معائنہ کے دوران متعدد دکاندار سرکاری نرخوں کی خلاف ورزی کرتے پائے گئے، جن کے خلاف فوری کارروائی عمل میں لاتے ہوئے بھاری (بقیہ صفحہ 3 نمبر 11)

غیر قانونی افغان مہاجرین کی واپسی بارے ہریپور میں اجلاس

تمام قانون نافذ کرنے والے اداروں کے افسران کی شرکت، آپریشن تیز کرنے کی ہدایت

ہری پور (سپیشل رپورٹر) ڈپٹی کمشنر ہری پور وسیم احمد اور ڈی پی او ہری پور شفیع اللہ گنڈاپور کی زیر صدارت موجودہ سیکورٹی صورتحال کے تناظر میں غیر قانونی افغان مہاجرین کے فوری وطن واپسی کو یقینی بنانے اور امن وامان کے حوالے سے اعلیٰ سطح اجلاس، اجلاس میں تمام قانون نافذ کرنے والے اداروں کے افسران نے شرکت کی، میٹنگ میں مشترکہ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 14)

ہری پور، پولیس شہداء کی فیملیز کو رمضان پیکیج تقسیم کئے گئے

اسسٹنٹ پی ایس او نے شہداء کے گھروں میں جا کر ان سے ملاقات اور مسائل بھی دریافت کئے

ہری پور (چیف رپورٹر) ڈی پی او ہری پور شفیع اللہ گنڈاپور کی جانب سے ہری پور پولیس شہداء کی فیملیز کو رمضان پیکیج پیش کیے گئے، آئی جی خیبر پختونخوا ذوالفقار حمید اور ڈی آئی جی ہزارہ ناصر محمود ستی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں ڈی پی او ہری پور (بقیہ صفحہ 3 نمبر 15)

مسلم لیگ ن ضلع مانسہرہ کے زیر اہتمام شاندار ریلی کا انعقاد

افواج پاکستان سے اظہار یکجہتی، حافظ عاصم منیر کی قیادت پر اعتماد کا اظہار

مانسہرہ (شیخ نزیر سے + محمد نعیم) مانسہرہ میں افواج پاکستان سے اظہار یکجہتی کیلئے مسلم لیگ (ن) ضلع مانسہرہ کے زیر اہتمام ایک شاندار ریلی، حافظ عاصم منیر کی قیادت پر اعتماد کا اظہار، تفصیلات کے مطابق پاکستان مسلم لیگ (ن) کے زیر اہتمام مانسہرہ ایبٹ آباد روڈ پر افواج پاکستان سے اظہار یکجہتی کے لیے ایک بڑی عظیم الشان (بقیہ صفحہ 3 نمبر 7)

سکندر آباد سپلائی کے رہائشیوں کا افغانی باشندوں کے معاملے پر تشویش کا اظہار

نہ تو مکانات خالی کروائے گئے اور نہ ہی مالکان کے خلاف کوئی کارروائی عمل میں لائی گئی

ایبٹ آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر) سکندر آباد سپلائی کے رہائشیوں نے علاقے میں غیر قانونی رہائش اختیار کرنے والے افغانی باشندوں کے معاملے پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ اہلِ علاقہ کے مطابق حکومت کی جانب سے مساجد میں باقاعدہ اعلان کیا گیا تھا جس میں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 10)

ہریپور، انگڑہ میں ٹریفک حادثہ، 1 شخص زخمی ہوگیا

ہری پور (نمائندہ خصوصی) انگڑہ میں ٹریفک حادثہ، 1 شخص زخمی ہری پور انگڑہ بائی پاس پر موٹر سائیکل پھسلنے کے نتیجے میں 25 سالہ حماد سکنہ ٹی آئی پی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 8)

قلندر آباد تھانہ مانگل کی حدود میں افغانیوں کی بھرمار

ایبٹ آباد (بیورو رپورٹ) قلندر آباد تھانہ مانگل کی حدود میں افغانیوں کی بھرمار پکے پاکستانی کارڈ جعل (بقیہ صفحہ 3 نمبر 9)

غازی بازار میں زخمی ہونیوالا نوجوان جان کی بازی ہار گیا

مرحوم کی شناخت بیروز ولد خالد محمود سکنہ جموں کے نام سے ہوئی ہے، جو حادثے کے بعد شدید زخمی حالت میں زیر علاج تھا

تربیلا غازی (کرائم رپورٹر) گزشتہ روز غازی بازار میں پیش آنے والے افسوسناک حادثے میں زخمی ہونے والا نوجوان زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے انتقال کر گیا۔ مرحوم کی شناخت بیروز ولد خالد محمود سکنہ جموں کے نام سے ہوئی ہے، جو حادثے کے بعد شدید زخمی حالت میں زیر علاج تھا تاہم جانبر نہ ہوسکا۔ اہلِ علاقہ نے نوجوان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 16)

بالاکوٹ، صحافی راشد علی راشد کے فرزند تیسری پوزیشن حاصل کرنے پر شیلڈ وصول کر رہے ہیں جبکہ دوسری جانب تقریب کا منظر

مویشی چور گروہ کا سرغنہ دوبارہ منظر عام پر

4 سے 5 ماہ غائب رہنے کے بعد موصوف دوبارہ منظر عام پر آ گیا، چوریوں کا امکان

ہری پور (کرائم رپورٹر) مویشی چور گروہ کا سرغنہ دوبارہ منظر عام پر، 4 سے 5 ماہ غائب رہنے کے بعد موصوف دوبارہ منظر عام پر آ گیا، نئی آبادی محلہ صدیق آباد و گردونواح میں مویشی چوری ہونے کا امکان، ڈی پی او ہری پور نوٹس لیں، واقع کے مطابق کچھ عرصہ قبل شانی مسلی نے شہری پھولا نامی شخص جو کہ پانڈک کا رہائشی ہے کی بھینس چوری کی تھی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 17)

بٹگرام، سی پیک کوگلہ موڑ کے قریب تصادم کا شکار ہونے والے ڈمپر

ڈاڈر کے مقام پر دانش سکول دور دراز کی عوام کے لئے ضروری ہے

مذکورہ سکول کا قیام عمل میں لایا جائے تاکہ غریب عوام کے بچوں کو معیاری تعلیم میسر ہو سکے

بٹل (نمائندہ خصوصی) گزشتہ دنوں وزیر اعظم میاں شہباز شریف نے اپنے دورہ مانسہرہ میں شہزادہ گلفر ازتولی شہید کے نام پر دانش سکول کا اعلان کیا ہے جو خوش آئند اقدام ہے اور علاقہ کی ضرورت بھی تھی لیکن کئی سال قبل بھی دانش سکول کا اعلان کیا تھا اور جگہ کا تعین بھی کر لیا گیا تھا ڈاڈر کے مقام پر کیونکہ دانش سکول دو وادیوں کے عوام کی ضرورت ہے بچے اور بچیاں معیاری تعلیم حاصل کر سکیں جس کی تعمیر سے کوش ویلی، سرن ویلی کے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 18)

آپریشن کرتے ہوئے تھانہ پھلڑہ پولیس نے آٹھ افغانی گرفتار کر لئے

غیر قانونی لوگ جہاں بھی خفیہ طور پر رہائش پذیر ہیں عوام ان کی نشاندہی کریں، ایس ایچ او

پھلڑہ (نمائندہ شمال) تھانہ پھلڑہ پولیس کا افغان مہاجرین کے خلاف آپریشن، آٹھ افغانی گرفتار، ایس ایچ او تھانہ پھلڑہ اورنگزیب خان تولی نے پھلڑہ میں قائم افغان مہاجرین کیمپ پر چھاپہ مار کر آٹھ افغانیوں کو گرفتار کر کے ان کے خلاف مقدمات درج کر لئے اس موقع پر ایس ایچ او اورنگزیب خان نے کہا ہے کہ افغان مہاجرین جہاں جہاں خفیہ طور پر رہائش پذیر ہیں عوام سے یہ گزارش ہے کہ وہ محبِ وطن ہونے کا ثبوت دیتے ہوئے ان لوگوں کی نشاندہی کریں تاکہ ان کو گرفتار کر کے واپس بھیجا جا سکے اسی طرح پھیری کا کام (بقیہ صفحہ 3 نمبر 27)

اپر ڈھیری سیداں چندو میرا بجلی کی لٹکتی تاریں حادثہ کا سبب بن سکتی ہیں

رمضان المبارک ماہ میں بھی مقامی افراد کو سحر و افطار میں پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے

حویلیاں (نمائندہ شمال) اپر ڈھیری سیداں چندو میرا بجلی کی لٹکتی جھولتی تاریں کسی بھی وقت بڑے حادثے کا سبب بن سکتی ہیں، رمضان المبارک ماہ میں بھی مقامی افراد کو سحر و افطار میں پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے، پہلے 3 دن بجلی تعطل کا شکار رہی اب دوبارہ مسلسل 4 دن سے خراب ہونے کی وجہ سے پانی کی قلت کا سامنا بھی ہے۔ پانی کی قلت کا سامنا تو پورا سال ہی رہتا ہے ووٹج کی کمی کے سبجبلی کے آلات کام نہیں کرتے لیکن اس پر عوام برداشت (بقیہ صفحہ 3 نمبر 25)

پیشوڑا شادوگٹ کے مقام پر CPEC روڈ پر حادثہ

پھلڑہ (نمائندہ شمال) پیشوڑا شادوگٹ کے مقام پر CPEC روڈ پر حادثہ، دو ڈمپر آپس میں ٹکرا گئے ضلع بٹگرام کے علاقے پیشوڑا شادوگٹ میں سی پیک (CPEC) روڈ پر دو ڈمپر گاڑیاں آپس میں ٹکرا گئیں۔ حادثہ اچانک پیش آیا جس کے نتیجے میں دونوں گاڑیوں کے ڈرائیور زخمی ہوگئے۔ اطلاع ملتے ہی ریسکیو اہلکار فوری طور پر موقع (بقیہ صفحہ 3 نمبر 24)

نئے سال کی کتب سکولوں کے حوالے کر دی گئیں

خواندگان (جنرل رپورٹر) محکمہ تعلیم خیبر پختونخوا کے سرمائی سکول موسم سرما کی دو ماہ سے زائد تعطیلات کے بعد آج کھل رہے ہیں محکمہ ایلمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کے نوٹیفکیشن کے مطابق مڈل کلاسز تک سمسٹر سسٹم کے اجرا کے بعد سرمائی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 28)

خیبر پختونخوا میں سرمائی سکول آج سے کھل گئے

شنکیاری (ظاہر شاہ کاظمی سے) محکمہ تعلیم خیبر پختونخوا کے سرمائی سکول دو ماہ سے زائد تعطیلات کے بعد آج بروز سوموار باقاعدہ طور پر کھل گئے۔ محکمہ ایلمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کے جاری کردہ نوٹیفکیشن (بقیہ صفحہ 3 نمبر 26)

صوبائی نائب صدر پی ٹی آئی کمال سلیم سواتی کی جانب سے افطار پارٹی کے موقع پر سپیکر بابر سلیم سواتی کے ہمراہ

ڈپٹی کمشنر میاں بہزاد عادل تحصیل الائی میں مختلف بازاروں کا معائنہ کر رہے ہیں

ماہ رمضان میں عوام کو ریلیف فراہمی کے دعوے دھرے رہ گئے

غریب عوام کو کوئی ریلیف فراہم نہ ہوسکا، سید امتیاز علی شاہ اور محمد اسلم تنولی کا مشترکہ بیان

پھلڑہ (نمائندہ شمال) صوبائی حکومت کی جانب سے ماہ رمضان میں عوام کو ریلیف فراہمی کے دعوے دھرے کے دھرے رہ گئے عوام بدستور مہنگائی کی زد میں ممتاز سیاسی وسماجی شخصیات سید امتیاز علی شاہ، محمد اسلم تنولی جبہ الیاس نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ ماہ رمضان میں غریب عوام کو کوئی ریلیف فراہم نہ ہوسکا سستا آٹا بھی فراہم نہ ہوا اور اسی طرح ضلعی حکومت کی جانب سے مقرر کردہ نرخ نامے بھی صرف فائلوں تک ہی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 19)

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ سے مزید مہنگائی ہوگی

پھلڑہ (نمائندہ شمال) بڑھتی ہوئی ظالمانہ مہنگائی میں مزید اضافہ کے پٹرول کی قیمتوں میں اضافہ کر دیا گیا وفاقی حکومت کی جانب سے رمضان پیکیج دیا گیا پٹرول کی قیمت میں آٹھ روپے اور ڈیزل کی قیمت میں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 20)

سبزی منڈی کالج دوراہا میں سینکڑوں افغان مہاجری دیدہ دلیری سے رہائش پذیر ہیں

غیر قانونی طور کالج دوراہا مانسہرہ فلور ملز کے پاس ایک بہت بڑی بستی پولیس کے لئے چیلنج ہے

مانسہرہ (چیف رپورٹر) سبزی منڈی کالج دوراہا میں سینکڑوں افغان مہاجری دیدہ دلیری سے رہائش پذیر ہیں کلگان موڑ سبزی منڈی میں سینکڑوں کی تعداد میں غیر قانونی طور پر رہائش پذیر ہیں کالج دوراہا مانسہرہ فلور ملز کے پاس ایک بہت بڑی بستی ہے جو کہ مانسہرہ پولیس کے لئے پیچیدہ ہے ذرائع کے مطابق لاری اڈہ کالج دوراہا چوک میں ان افغان مہاجرین کو کھلی چھٹی دی کہ کیونکہ تمام کے خلاف کارروائی ہو رہی ہیں اور کلگان موڈ سبزی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 22)

ضلع کی عوام ٹریفک انسپکٹر طارق عزیز کے خلاف پھٹ پڑی

ہری پور (گل جان خان سے) بے ہنگم ٹریفک قابو نہ ہوسکی، ضلع کی عوام ٹریفک انسپکٹر طارق عزیز کے خلاف پھٹ پڑی، ضلع بھر میں ٹریفک جام موصوف کی ''آڑیاں جاڑیاں'' شہریوں کے تمسخر کا باعث بن (بقیہ صفحہ 3 نمبر 21)

جرائم پیشہ خطرناک وارداتوں میں ملوث ملزمان کے خلاف گھیرا تنگ

ہری پور (محمد جاوید عباسی سے) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر شفیع اللہ گنڈاپور کے احکامات پر ضلع بھر کے تھانوں کی حدود میں جرائم پیشہ خطرناک وارداتوں میں ملوث ملزمان کے خلاف گھیرا تنگ، آپریشن تیز کر دیا گیا، 2 ماہ تعیناتی کے دوران تھانوں کی حدود میں ہونے والے متعدد پولیس مقابلوں میں خطرناک ڈکیت، چور، راہزن و کارلفٹر ہلاک جبکہ 6 سے زائد ملزمان زخمی حالت میں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 23)

پھلڑہ پولیس کی جانب سے گرفتار کئے گئے افغان مہاجرین

روزنامہ شمال ایبٹ آباد

ڈپٹی ڈائریکٹر انچارج پبلشر عبدالوحید رہانی

روزنامہ شمال ایبٹ آباد، مظفر آباد، سوات اور کراچی سے بیک وقت شائع ہوتا ہے۔ ہزارہ (شمال) میں شمال کی فروخت تمام علاقائی اور قومی اخبارات کی مجموعی تعداد سے زیادہ ہے
سروے۔۔گیلپ، این آر سی، آئی سی ایل

ایبٹ آباد مرکزی دفاتر
پلاٹ نمبر A-6 سال اسٹریٹ ایبٹ آباد
فون نمبرز 0992-385577 موبائل نمبر: 0314-5003149
فیکس 0992-385575,385576,385578
Email: dailyshamal1991@gmail.com Web: www.shamal.com.pk

روزنامہ شمال پنجاب اور سندھ میں وہاں کے کئی قومی اخبارات سے بھی زیادہ فروخت ہوتا ہے

سوات
جامی بابا چوک پیکو روڈ سوات
فون نمبرز 0946-711788,711700
فیکس 0946-720452

مانسہرہ بیورو
سب آفس کشمیر روڈ کچہری چوک مانسہرہ
0321-9838817

کراچی
امبر میڈیکل سنٹر پلازہ نزد کاٹھے والا موٹرز فورٹ فلور ایم اے جناح روڈ کراچی
فون نمبرز 021-2752266,2752421
فیکس 021-2752422
E mail: shamalkarachi@yahoo.com

ہری پور بیورو
محمد جاوید عباسی
ایڈریس: اسی پی آفس مرکز روڈ ہزارہ ایکسپریس وے ہری پور
موبائل نمبر 0995-612434
فون نمبر 0995-612424

راولپنڈی/اسلام آباد
ندیم خان جدون
03200880105
0301-8149023 (بیورو چیف)
0300-5761144,0995-447048

مظفر آباد
عقب جی پی او نزد ایوان صدر مظفر آباد
فون نمبر 05822-446938
فیکس 05822-446842
Email: shamalmzd2011@gmail.com

موبلیاں بیورو
سید عبدالقدوس شاہ گیلانی (نزد ہوٹل بین الاقوامی پلازہ)
0992-810899
نائب چیف۔ مظہر بشیر احسان
0997-580062
0997-580062,0346-5782121
0346-8574169,0987-405554

غنچہ ہدایت اصلاح معاشرہ قرآن اور حدیث کی روشنی میں

تحریر: علی فرمان تلیسروی

(1 سورہ المومن آیت 82
مفہوم: کیا انہوں نے زمین میں سفر نہ کیا کہ دیکھتے ان سے اگلوں کا کیا انجام ہوا وہ ان سے بہت تھے) تعداد میں زیادہ (اور ان کی قوت) جسمانی طاقت زیادہ تھی (اور زمین میں ان کی نشانیاں) محلات (تو ان کے کیا کام آیا جو انہوں نے کمایا۔) دورِ حاضر میں بھی ہم دیکھ رہے ہیں جسے موقعہ یا اقتدار ملتا ہے وہ لوٹ مار اور حرام کی دولت کے انبار لگا دیتا ہے حالانکہ سب کو اکیلے خود ہی جوابدہ ہونا ہے۔ آئندہ نسلوں اور اپنی مختصر زندگی کے لیے دوسروں کا حق مارنا یہ سب کو معلوم ہے انسان دنیا میں اکیلا آتا اور جاتا ہے ساتھ کچھ نہیں لے کے جاتا (-(2 سور السجدہ آیت 46 مفہوم: جو نیکی کرے اپنے بھلے کو اور جو برائی کرے اپنے برے کو اور تمہارا رب بندوں پر ظلم نہیں کرتا۔ (3 سور السجدہ آیت 32
مفہوم: اور اس سے زیادہ کس کی بات اچھی جو اللہ کی طرف بلائے اور نیکی کرے اور کہے میں مسلمان ہوں۔ (4 سور السجدہ آیت 34
مفہوم: اور نیکی اور بدی برابر نہ ہو جائیں گی۔ اے سننے والے برائی کو بھلائی سے ٹال۔ جبھی وہ کہ تجھ میں اس میں دشمنی تھی ایسا ہو جائے گا جیسا وہ دوست (5 سور السجدہ آیت 35 مفہوم: اور یہ دولت) صلہ رحمی والی (نہیں ملتی مگر صابروں کو اسے نہیں پاتا مگر بڑے نصیب والا) یہ قسمت سے ملتی ہے (6 سور طہ آیت 55 مفہوم: ہم نے زمین ہی سے تمہیں بنایا) پیدائش آدم (اور اسی میں تمہیں پھر لے جائیں گے اسی سے تمہیں دوبارہ نکالیں گے) یہ ہے انسان کی حقیقت (احادیث نبویؐ (1 فرمایا آپؐ نے: اس شخص پر اللہ کی رحمت نہ ہوگی جو انسانوں پر رحم نہ کھائے گا اور ان کے ساتھ ترحم کا معاملہ نہ کرے گا۔) صحیح بخاری، مسلم (2 فرمایا آپؐ نے: ساری مخلوق اللہ کی عیال) کنبہ اور مخلوق ہے (ہے اس لیے اللہ کو زیادہ محبوب اپنی مخلوق میں وہ آدمی ہے جو اللہ کی عیال کے ساتھ احسان اور اچھا سلوک کرے۔) شعب الایمان للبیہقی (3 فرمایا آپؐ نے: جو کوئی مسلم بندہ کسی درخت کا پودا لگائے یا کھیتی کرے۔ پھر کوئی انسان یا کوئی پرندہ یا چوپایا اس درخت یا کھیتی میں سے کھائے۔ تو یہ اس بندے کی طرف سے صدقہ اور کارِ ثواب ہوگا۔) صحیح بخاری، مسلم (4 فرمایا آپؐ نے: (یہ کہ تم اللہ کے بندوں کو کھانا کھلاؤ اور) دوسرے (یہ کہ جس سے جان پہچان ہو اس کو بھی اور جس سے جان پہچان نہ ہو اس کو بھی سلام کرو۔) صحیح بخاری، مسلم (5 فرمایا آپؐ نے: لوگوں میں اللہ کے قرب اور اس کی رحمت کا زیادہ مستحق وہ بندہ جو سلام کرنے میں پہل کرے۔) مسند احمد، جامع ترمذی (گوہر پارے) اقوال زریں (1 آپ اگر فرشتہ بن جائیں تب بھی آپ کو برا کہنے والے لوگ موجود ہوتے ہیں۔ (2 دوسروں میں نقص نکال کر قابل مت بنیں بلکہ خود میں قابلیت پیدا کریں۔ (3 برے وقت میں برے اپنوں میں اور اپنے بروں میں چھپے رہتے ہیں۔ (4 انسان کی اس سے بڑی بدقسمتی کیا ہے کہ اسے نیکی کا موقع ملے اور وہ نہ کرے۔ (5 ہمدردی ایک ایسی چابی ہے جو دوسروں کے دلوں میں چاہت کے دروازے کھول دیتی ہے۔ سچ تو یہ ہے قارئین آج کا کالم ایک دکھ سکھ کی باتیں آپ سے شیئر کرنے جا رہا ہوں۔ جب سے پاکستان واپس آیا ہوں میری کوشش خدمت خلق اور ملکی بہتری کی طرف اقدام اٹھاتا رہا۔ 10 سال زراعت کی نمائندگی میں بہت سے اقدامات کا ذکر پھر سہی۔ پرائس کنٹرول کمیٹی، چیئرمین زکو پھر ضلعی زکو کمیٹی وغیرہ اندرونِ ملک اور بیرون ملک تجربات اور سیاسی اصلاحی پہلو پر لکھنا شروع کیا۔ ہزارہ نیوز مسعود شوق کے ساتھ جو جرنلزم میں ایک نڈر بے باک

صحافت کا نام، پھر دیگر سب مقامی اخبارات میں میرے آرٹیکل چھپتے رہے جن میں شمال نمایاں رہا اور ہے۔ شمال کے بانی نیاز پاشا جدون (مرحوم) (اور ان کے چیف آڈیٹر حنیف اعوان کی موجودگی میں خاص کر نیاز پاشا جدون مرحوم جو کہ بے باک، دلیر، حق گو صحافت کا درخشاں ستارہ ان کی محنت اور قربانیوں سے شمال نے ترسیل میں کئی قومی اخبارات کو بھی پیچھے چھوڑ گیا اور آج خاص کر ان کے فرزند سراج الثقلین اس مشن کو آگے بڑھانے میں کامیابی سے آگے بڑھ رہے ہیں مختصر ساذکر میں سمجھتا ہوں ضروری تھا۔ اب آتے ہیں اپنی بات کی طرف یہ دوسری نظریاتی ریاست ہمیں بڑی قربانیوں سے ملی غریب نے خاص کر اپنا مسکن سمجھا۔ اس کے الٹ ہوا۔ 1956 تک کیا ہوا۔ 1969 تک کا سفر کچھ بہتر تھا ہم نے لینے کے بجائے جاپان، جرمنی، گلف سٹیٹس، سعودی عرب تک کو امداد دی۔ لیکن ہم نے مشرقی پاکستان پر توجہ نہ دی پھر 1971 کا سانحہ یہ بھی سب جانتے ہیں۔ پڑوسی ملک میں کانگرس اور ہماری آل انڈیا مسلم لیگ 1906 میں قائم ہوئی۔ پھر قائداعظم مسلم لیگ جس کے ہاتھوں پاکستان بنا۔ اسے ہم نے کئی ٹکڑوں کنونشن مسلم لیگ، جونیجو مسلم لیگ، پیر پگاڑا مسلم لیگ، جنرل ضیا الگ اور مشرف کی الگ اور چوہدریوں کی ق لیگ، اب نواز لیگ ن پھر ایک تازہ گروپ پاکستان عوامی مسلم لیگ خاقان عباسی وغیرہ، نتیجہ یہ نکلا بانی جماعت اندھیروں میں گم ہوگئی ار 1967 میں پیپلز پارٹی پی پی پی سیاسی اور پھر مذہبی پارٹیاں الگ آج ملک میں 220 سے اوپر پارٹیاں ہم اپنی چال بھول گئے جمہوریت لائے جو کہ عوام کے ذریعہ عوام کے لیے طرز حکومت ہوتی ہے اور عوام کو یہ حق دیا جاتا ہے کہ وہ خود اپنی رائے سے رجیم چینج کریں لیکن عوام کی رائے کو حکومتی ایوانوں میں جوتے کی نوک پر رکھا۔ بنیادی جمہوریت اور اقتدار کو نچلی سطح پر لانے کو ہم برداشت نہ کر سکے۔ موروثیت اور خود غرضی اور موقع پرستی اور دیگر برائیوں نے جنم لیا۔ ملک پر چوں کہ وہی پروانگلش مسلط ہوئے۔ با اختیار حکومت کی جگہ انہوں نے اپنے مہروں کی شطرنج کھیلی ملک اور قوم کو درست سمت اور ترقی کی طرف لے جانے کی بجائے ملک کے چوکیدار کو اپنے ساتھ ملانے اور میوزیکل چیئر کا کھیل چلتا رہا جو آج تک جاری ہے۔ یہ کھاؤ اور کھلاؤ۔ لوٹو اور لیٹروں کا ساتھ دو چلنے سے اور کمزور نااہل حکمرانوں اور ہارس ٹریڈنگ سے بننے والی حکومتوں نے اداروں کو مضبوط کرنے اور روزگار مہیا کرنے کی بجائے اپنی کرپشن اور کمزور گرفت سے دیوالیہ خود کیا اور اب ان کی فروخت جاری ہے قرضوں میں ملک کو جکڑا الگ آج ہر بچہ 3 لاکھ 33 ہزار کا مقروض پیدا ہوتا ہے۔ دولت ہم نے کیا بلکہ سب مسلم اور خاص کر عرب ممالک نے قرآنی تعلیمات اور احادیث کے خلاف ان کو دولت سے نوازا اور قریب ہوئے جو ہمارے دشمن ہیں آج سے دس سال قبل فدوی نے کہا تھا۔ ہندو، اسرائی یہودی ونصاری جی ایٹ یورپی یونین وغیرہ اور اقوام متحدہ بنا کر مسلمانوں کے خلاف محاذ بنا چکے ہیں۔ 1979 میں روس افغانستان میں داخل ہوا۔ جنرل ضیا نے جنرل اختر عبدالرحمٰن سے دو دن میں رپورٹ مانگی۔ جس کے مطابق روس بلوچستان کے ذریعہ گرم پانی اور پاکستان کی بقا کے لیے روکنا ضروری ہوا۔ پھر جہادی قوتیں اور پھر امریکہ کا ساتھ۔ یہ وہی امریکہ تھا جس نے مشرقی پاکستان میں بحری بیڑا بھیجتے بھیجتے مشرقی پاکستان کو بھارت کی ایما پر ہم سے الگ ہونے کا انتظار کیا۔ مختصر کرتا ہوں جب افغانستان میں بھارت کو پوری طرح داخل کیا اس نے ہماری سرحد کے قریب 14 سفارتی دفاتر کھولے اور امریکہ نے ہمارے 80 ہزار لوگوں جن میں ہمارے فوجی شامل قربان راکے آخری مقصد پورا کر کے 15 ارب ڈالر سے زائد کا اسلحہ چھوڑ کر جو ہمارے خلاف استعمال ہونا تھا خود نکل گیا۔ ہمیں 35 لاکھ مہاجرین کا تحفہ دیا جو آج بھی ہمارے اپنے نہیں بن سکے۔ ایوب خان نے آر۔سی۔ڈی بنائی اور امریکہ کو ہوائی اڈہ بڈابیر دے کر واپس لیا۔ اسے 1969 میں جانا پڑا۔ ذوالفقار علی بھٹو نے 1974 میں لاہور اسلامی سمٹ اور آئل بم کی بات کی۔ اسے نشان عبرت بنایا گیا۔ بہت سے مسلم لیڈروں کو جن میں کرنل معمر قذافی، شاہ فیصل، یاسر عرفات وغیرہ شامل ختم کیے اور ایران اور عراق کو 8 سال لڑا کر کمزور کیا۔ ہمیں کیا کرنا تھا کیا کیا اور کرایا گیا۔ اس میں ہنری کسنجر وغیرہ اور امریکن تھینک ٹینک خاص کر آج بقول ڈینیل پاکستان اور اس کی فوج کی اور چائنا کی قربت کی وجہ سے اسے الگ نہیں چھوڑ سکتے لیکن پاکستان کو ترقی سے روکے رکھنا ضروری ہے۔ بہر حال آج سے پانچ سال قبل کے فدوی کے کالموں میں واضح کیا جاتا رہا ہم 25 سو کلومیٹر سرحد افغانستان سے مغرب میں اور گیارہ سو کے قریب بھارت کے درمیان میں دہشت گردی کا سامنا اور اپنی سلمیت کی جنگ لڑ رہے ہیں۔ اللہ کا شکر ہے یورپ اور امریکہ کی مخالفت کے باوجود اللہ تعالیٰ نے ہمیں ایٹمی قوت اور ایک جفاکش بہادر اور دنیا میں اعلیٰ بری ہوائی فوج سے بھی نوازا ہوا ہے۔ جس نے 1965 میں، اور 2025 میں بھی ازلی دشمن کی دانت کھٹے کیے اور 2019 کا زخم بھی اسے یاد ہے۔ ہم یہ بھی جانتے ہیں ہمارے محسنوں اور ہیروؤں کے ساتھ خاص کر ڈاکٹر عبدالقدیر خان، بھٹو خاندان کے ساتھ، پی پی تو بے نظیر بھٹو شہید پہ آ کر ختم ہو جاتی ہے صرف نظریاتی ورکرز خاص کر اعتزاز احسن رضا ربانی وغیرہ جیسے لوگ اسے زندہ رکھنے کے قابل ہیں۔ بات اگر جاری رکھوں تو بہت لمبی ہو جائے گی۔ یہ میری آپ بیتیاں ہیں آج ہم کہاں کھڑے ہیں۔ بھائی کو بھائی سے لڑا کر مودی نیتن یاہو کے پاس بیٹھا ہے۔ صدر امریکہ کہتا ہے میں نے بھارت پاکستان کی جنگ رکوائی اور وہ ہمیں تھپکیاں دے رہا ہے 3 رافیل اور دوسرے فائٹر ملا کر ہم نے جو بنیان المرصوص آپریشن کیا جس میں ہماری افواج کے سربراہ جنرل عاصم منیر اور ائیر مارشل ظہیر الدین سدھو کی قیادت بلکہ مخلص قیادت نے ملک اور قوم کی عزت میں اضافہ ہی نہیں بلکہ دشمن کو سبق بھی سکھایا اب یہ لڑائے گا جس کا میں کئی بار ذکر کر چکا ہوں۔ یہ سب ایک ہیں اور بولنے والے اور عزت سے زندہ رہنے والے مسلم ممالک کئی کو پہلے ٹھکانے لگا کر ان کے اثاثوں پر قبضہ کر چکے ہیں۔ اب یہ ہماری سرحد کی طرف بذریعہ ایران بڑھنے کا ارادہ رکھتے ہیں کیوں کہ وہ جانتے ہیں کہ پاکستان ایک ایسا ملک ہے جو مسلم امہ کو متحد اور لیڈ کر سکتا ہے۔ ایوب خان کی آر۔سی۔ڈی۔ ترکی، ایران اور پاکستان ان کو کھٹکتے ہیں۔ ہماری بدقسمتی ہے ہمیں اندر باہر سے کھوکھلا کیا جا رہا ہے۔ ہمیں رجیم چینج کر کے ہمارے 1973 کے آئین میں تبدیلیوں کے ذریعہ انصاف سے محروم کرنے کی کوشش اور ہماری اسلامی اور دینی قدروں کو پامال کیا جا رہا ہے۔ یہ ایک دو دن کی بات نہیں 1956 سے شروعات اور 1970 کے بعد تیزی لائی گئی کوشش یہ ہے کہ خدا نخواستہ افواج پاکستان خاص کر ہماری بری فوج سے عوام کو متنفر کر کے 25 کروڑ عوام کی آبادی کے ملک میں تفرقہ پیدا کیا جائے۔ دشمن کے ارادوں کو ہم اپنی صفوں میں اتحاد یگانگت اور انصاف سے اتفاق اور بھائی چارے سے سیسہ پلائی ہوئی دیوار بن کر اپنے اندر کے غداروں اور باہر کے بدروحوں سے اللہ کے فضل سے ملک کو محفوظ رکھ سکتے ہیں۔ چند لوگ جو ملک کے اندر اور باہر جائیدادیں بنا چکے ہیں۔ یہ ان کو موقع ملا تھا اور کرپٹ نظام سے ان کی غلطیوں پہ غلطیاں ہوئیں۔ آج میڈیا نے سب کچھ ظاہر کر دیا ہے۔ آج ہمیں سب کی غلطیاں بھلا کر مل بیٹھ کر بیرونی سازشوں اور کرتوتوں سے بچانا ہے۔ یہ ملک انشا اللہ ہمارے اتفاق اور اعتماد اور جانی، مالی، جائیداد کی قربانی سے اپنے پاؤں پر دوبارہ کھڑا کیا جا سکتا ہے اللہ ملک پاکستان، افواج پاکستان اور ہمارے نظریات کی حفاظت فرمائے۔ آمین۔

قومی شعور کا امتحان

تحریر: نعیم اشرف

ملک اس وقت ایک نازک مرحلے سے گزر رہا ہے۔ ہماری مسلح افواج سرحدوں پر متحرک ہیں، حالات میں کشیدگی ہے، اور عالمی منظر نامہ بھی غیر یقینی کی دھند میں لپٹا ہوا دکھائی دیتا ہے۔ ایسے وقت میں قوموں کا امتحان صرف میدانِ جنگ میں نہیں ہوتا، بلکہ فکر و فہم، بصیرت اور اتحاد میں بھی ہوتا ہے، بدقسمتی سے ہمارے ہاں دو ایسے طبقات نمایاں ہو رہے ہیں جو سنجیدہ قومی مباحث کو جذباتی نعروں اور سطحی تجزیوں کی نذر کر رہے ہیں۔ ایک وہ گروہ ہے جو ہر معاملے کو شخصیات کے تناظر میں دیکھتا ہے۔ ریاستی کامیابی ہو یا ناکامی، اس کا تجزیہ اصولوں کی بنیاد پر نہیں بلکہ پسند اور ناپسند کی عینک سے کیا جاتا ہے۔ اگر کوئی پیش رفت ان کی سیاسی ترجیحات سے ہم آہنگ نہ ہو تو اسے ڈرامہ قرار دے دیا جاتا ہے، اور اگر دشمن کے بارے میں کوئی سخت مقف اختیار کیا جائے تو اسے غیر حقیقت پسندانہ کہہ کر مسترد کر دیا جاتا ہے۔ دوسری طرف ایک ایسا حلقہ بھی ہے جو افغانستان کی صورتحال کو جذباتی اور مذہبی رشتوں کے تناظر میں دیکھتا ہے۔ ان کا استدلال یہ ہے کہ افغانستان میں جو بھی بیرونی

مداخلتوں کا پس منظر، مقاصد اور حکمتِ عملی الگ تھی؛ پاکستان کی صورتحال، اس کے مفادات اور اس کے تقاضے مختلف ہیں۔ ریاستوں کے تعلقات محض نعروں سے نہیں چلتے بلکہ زمینی حقائق اور قومی مفاد کی بنیاد پر طے ہوتے ہیں۔ یہ بھی درست ہے کہ سرحدی علاقوں میں پیش آنے والے واقعات اور بعض چوکیوں کا خالی ہونا یا دوبارہ حاصل کیا جانا ایک عسکری حکمتِ عملی کا حصہ ہو سکتا ہے۔ ایسے معاملات کو جذباتی بیانات کے بجائے ذمہ دارانہ انداز میں دیکھنے کی ضرورت ہے۔ جنگ اور امن کے فیصلے سوشل میڈیا کی فضا میں نہیں بلکہ ریاستی اداروں کی مشاورت اور طاقت گئی، اسے ناکامی کا سامنا کرنا پڑا، لہذا پاکستان کو بھی محتاط رہنا چاہیے۔ تاریخ کا یہ حوالہ اپنی جگہ، مگر ہر دور کے حالات مختلف ہوتے ہیں۔ روس اور امریکہ کی قومی سلامتی کے تقاضوں کے تحت ہوتے ہیں۔ ہمیں یہ بھی یاد رکھنا چاہیے کہ اختلافِ رائے جمہوری معاشروں کا حسن ہے، مگر اختلاف اگر تضحیک، تمسخر اور نفرت میں بدل جائے تو وہ معاشرتی کمزوری کی علامت بن جاتا ہے۔ سوشل میڈیا پر سنجیدہ موضوعات پر طنزیہ ردِعمل دینا یا گالم گلوچ کرنا کسی دلیل کی جگہ نہیں لے سکتا۔ اسی طرح ہر مسئلے کو مذہبی جذبات کے شربت میں گھول کر پیش کرنا بھی حقیقت پسندی نہیں۔ پاکستان ہماری شناخت ہے۔ اس کی سلامتی، استحکام اور وقار ہر سیاسی وابستگی سے بالاتر ہونا چاہیے۔ جو بھی گفتگو ہو، وہ دلیل، شائستگی اور قومی مفاد کے دائرے میں ہونی چاہیے۔ ہمیں ریاستی اداروں پر تنقید کا حق ہے، مگر اس انداز میں کہ دشمن کے بیانیے کو تقویت نہ ملے۔ ہمیں مذہبی اخوت کا احترام ہے، مگر اس حد تک کہ اپنے وطن کی سلامتی پر کوئی آنچ نہ آئے۔ وقت کا تقاضا ہے کہ ہم جذبات سے اوپر اٹھ کر تدبر سے کام لیں۔ نہ آندھی مخالفت ملک کے حق میں ہے، نہ اندھی حمایت۔ اصل ضرورت شعور، توازن اور اتحاد کی ہے۔ اللہ تعالیٰ پاکستان کو امن، استحکام اور داخلی یکجہتی عطا فرمائے، اور ہمیں وہ بصیرت دے کہ ہم اختلاف کیا وجود اپنی قومی بنیادوں کو کمزور نہ ہونے دیں۔ پاکستان زندہ باد۔

محنت کش کا تمسخر: کیا یہی ہماری تہذیب ہے؟

ایک پاکستانی ہونے کے ناطے جب میں نے وہ ویڈیو دیکھی تو دل کے اندر ایک عجیب سی شرمندگی نے جنم لیا، ایسی شرمندگی جو انسان کو اندر تک ہلا دیتی ہے۔ یہ صرف کسی ایک فرد کی غلطی نہیں تھی بلکہ اجتماعی رویے کی عکاسی تھی۔ ایسا محسوس ہوا جیسے ہم نے چند لمحوں کی ہنسی مذاق کے لیے اپنے وقار اور اپنی تہذیبی شناخت کو داؤ پر لگا دیا ہو۔ سوال یہ نہیں کہ ویڈیو کس نے بنائی یا کس نے شیئر کی، اصل سوال یہ ہے کہ ہماری سوچ کس نہج پر پہنچ چکی ہے اور ہم بطور قوم کس سمت میں بڑھ رہے ہیں۔

کسی افغان کو تندور والا کہہ کر بطورِ طنز پکارنا محض ایک جملہ نہیں بلکہ ایک ذہنیت کی علامت ہے۔ کیا ہم واقعی اس مقام پر آ چکے ہیں کہ حلال روزی کمانے والے کو اس کے پیشے کی بنیاد پر کمتر سمجھیں؟ کیا دیانت دار محنت اب ہمارے معاشرے میں مذاق کا موضوع بن چکی ہے؟ یہ رویہ نہ صرف اخلاقی گراوٹ کی نشاندہی کرتا ہے بلکہ ہمارے اندر موجود احساسِ برتری کے مصنوعی خول کو بھی بے نقاب کرتا ہے۔

تندور پر روٹی لگانا، گرمی اور دھوئیں میں کھڑے ہو کر لوگوں کے لیے رزق تیار کرنا کوئی معمولی کام نہیں۔ یہ محنت، برداشت اور ذمہ داری کا تقاضا کرتا ہے۔ ہمارے دین نے تو مزدور کے پسینے کو خشک ہونے سے پہلے اس کی اجرت ادا کرنے کی تلقین کی ہے، پھر ہم کس منطق کے تحت اسی محنت کو حقارت کی نگاہ سے دیکھ رہے ہیں؟ جو ہاتھ آٹا گوندھتے ہیں، وہی ہاتھ معاشرے کے بھوکے پیٹوں کو سیر کرتے ہیں، اور یہ کام عزت کے لائق ہے، تضحیک کے نہیں۔

اگر ہم دیانت داری سے اپنا محاسبہ کریں تو ہمیں یاد آئے گا کہ لاکھوں پاکستانی بیرونِ ملک مختلف نوعیت کے کام کر کے اپنے خاندانوں کا سہارا بنے ہوئے ہیں۔ کوئی سعودی عرب میں تعمیراتی مزدوری کر رہا ہے، کوئی متحدہ عرب امارات میں ڈرائیونگ کر رہا ہے، کوئی یورپ میں صفائی کا کام انجام دے رہا ہے۔ یہ سب لوگ اپنے خوابوں اور ذمہ داریوں کا بوجھ اٹھائے ہوئے ہیں، اور انہی کی محنت سے ہمارے گھروں کے چراغ روشن رہتے ہیں۔

ہمیں یہ بھی سوچنا چاہیے کہ ہمارے اپنے بھائی اور بہنیں مغربی ممالک میں کیشیئر بن کر کھڑے رہتے ہیں، ریستورانوں میں برتن دھوتے ہیں، ٹیکسی چلاتے ہیں یا گوداموں میں سامان اٹھاتے ہیں۔ کیا ہم ان کے کام کو بھی حقیر کہیں گے؟ ہرگز نہیں، کیونکہ ہم جانتے ہیں کہ وہ سب حلال اور باعزت روزی کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں۔ پھر کسی اور قوم کے محنت کش کو کمتر سمجھنا کھلی منافقت نہیں تو اور کیا ہے؟

اصل مسئلہ پیشہ نہیں بلکہ ہماری سوچ کا زاویہ ہے۔ جب معاشرہ دولت کو عزت کا معیار اور محنت کو کمتر سمجھنے لگے تو اخلاقی توازن بگڑ جاتا ہے۔ ہم نے ظاہری چمک دمک کو اصل کامیابی سمجھ لیا ہے، جبکہ کردار، دیانت اور شرافت کو پسِ پشت ڈال دیا ہے۔ یہی سوچ ہمیں تقسیم کرتی ہے اور ہمیں اندر سے کھوکھلا بناتی ہے۔

افغان باشندے ہوں یا پاکستانی، سب انسان ہیں اور سب اپنی اپنی مشکلات سے نبرد آزما

ہیں۔ ہر شخص اپنے خاندان کے لیے بہتر مستقبل کا خواب دیکھتا ہے۔ کوئی تنور چلاتا ہے، کوئی دکان سنبھالتا ہے، کوئی دفتر میں بیٹھتا ہے، مگر سب کا مقصد ایک ہی ہے: باعزت طریقے سے زندگی گزارنا۔ اس جدوجہد میں کسی کو نیچا دکھانا ہماری اپنی انسانیت کی توہین ہے۔

پاکستان اور افغانستان کے درمیان صرف جغرافیائی سرحد نہیں بلکہ صدیوں پر محیط ثقافتی، مذہبی اور سماجی رشتے موجود ہیں۔ ہم نے ایک دوسرے کے دکھ سکھ میں ساتھ دیا ہے، مہاجرت اور آزمائشوں کے دور دیکھے ہیں۔ ایسے میں نفرت آمیز القابات استعمال کرنا نہ صرف غیر اخلاقی ہے بلکہ تاریخی رشتوں سے بے وفائی کے مترادف بھی ہے۔

سوشل میڈیا نے ہر شخص کو ایک پلیٹ فارم دیا ہے جہاں وہ اپنی رائے کا اظہار کر سکتا ہے، مگر اس آزادی کے ساتھ ذمہ داری بھی آتی ہے۔ افسوس کہ ہم میں سے بہت سے لوگ چند لائکس اور ویوز کی خاطر ایسے الفاظ استعمال کر جاتے ہیں جو معاشرتی ہم آہنگی کو نقصان پہنچاتے ہیں۔ وقتی شہرت کی یہ خواہش ہمیں طویل مدتی نقصان کی طرف دھکیل رہی ہے۔

ہمیں سوچنا ہوگا کہ ہماری نئی نسل کیا سیکھ رہی ہے۔ اگر ہم پیشوں کی بنیاد پر تمسخر اڑائیں گے تو ہمارے بچے بھی یہی رویہ اپنائیں گے۔ یوں معاشرے میں طبقاتی تفریق مزید گہری ہوگی اور باہمی احترام کی فضا کمزور پڑتی جائے گی۔ ایک مہذب معاشرہ وہی ہوتا ہے جہاں ہر جائز پیشے کو عزت دی جائے۔

اسلام نے ہمیں اخوت، مساوات اور احترامِ انسانیت کا درس دیا ہے۔ قرآن و سنت میں کہیں یہ تعلیم نہیں ملتی کہ کسی کی قومیت یا پیشے کی بنیاد پر اس کی تحقیر کی جائے۔ اصل برتری تقویٰ اور حسنِ اخلاق میں ہے، نہ کہ معاشی حیثیت یا سماجی مرتبے میں۔ اگر ہم واقعی اپنے دین سے محبت کا دعویٰ کرتے ہیں تو ہمیں اس کی تعلیمات کو عملی زندگی میں بھی اپنانا ہوگا۔

یہ بھی ایک تلخ حقیقت ہے کہ حالات پل بھر میں بدل سکتے ہیں۔ آج جو شخص محفوظ اور مستحکم ہے، کل آزمائش کا شکار ہو سکتا ہے۔ ہم میں سے کتنے لوگ ایسے ہیں جن کے بزرگوں نے مشکلات کے دور دیکھے، ہجرت کی، چھوٹے موٹے کام کیے اور اپنی اولاد کے لیے بہتر زندگی کی بنیاد رکھی؟ اگر اس وقت کسی نے انہیں حقیر سمجھا ہوتا تو آج ہم کہاں کھڑے ہوتے؟

قیامِ پاکستان کے بعد لاکھوں لوگوں نے ریڑھیاں لگائیں، چھوٹی دکانیں کھولیں، مزدوری کی اور اس ملک کی بنیادوں کو مضبوط کیا۔ وہی لوگ آج ہمارے ہیروز کہلاتے ہیں۔ اگر ہم آج کسی تنور والے یا مزدور کو حقیر سمجھیں گے تو دراصل ہم اپنی ہی تاریخ کی توہین کر رہے ہوں گے۔

محنت کش طبقہ کسی بھی قوم کی ریڑھ کی ہڈی ہوتا ہے۔ سڑک بنانے والا نہ ہو تو گاڑیاں نہیں چل سکتیں، کسان نہ ہو تو اناج نہیں اگتا، روٹی بنانے والا نہ ہو تو دسترخوان سجا نہیں رہتا۔ معاشرے کا پہیہ انہی ہاتھوں سے چلتا ہے جو بظاہر سادہ نظر آتے ہیں مگر درحقیقت بے حد اہم ہوتے ہیں۔

ہمیں یہ شعور پیدا کرنا ہوگا کہ عزت کا تعلق پیشے سے نہیں بلکہ نیت اور کردار سے ہوتا ہے۔ ایک دیانت دار مزدور اپنے مقام پر اس شخص سے کہیں زیادہ باوقار ہے جو دولت تو رکھتا ہو مگر اخلاق سے خالی ہو۔ اصل عظمت انسان کے اندر ہوتی ہے، نہ کہ اس کے لباس یا عہدے میں۔

قومیں اس وقت ترقی کرتی ہیں جب وہ اپنے کمزور اور محنت کش طبقے کو سہارا دیتی ہیں، نہ کہ ان پر طنز کرتی ہیں۔ اجتماعی ترقی کے لیے ضروری ہے کہ ہر فرد کو عزت اور مواقع میسر ہوں۔ اگر ہم ایک دوسرے کو نیچا دکھاتے رہیں گے تو ہم خود اپنی ترقی کی راہ میں رکاوٹ بن جائیں گے۔

دنیا ہمیں ہمارے رویوں سے پہچانتی ہے۔ جب ہم خود ہی محنت کو عار سمجھنے لگیں گے تو عالمی سطح پر ہماری ساکھ متاثر ہوگی۔ ہمیں اپنے طرزِ فکر میں سنجیدگی اور پختگی لانی ہوگی تاکہ ہم ایک باوقار قوم کے طور پر پہچانے جائیں۔

الفاظ کی طاقت کو کم نہ سمجھا جائے۔ ایک جملہ کسی کے دل کو زخمی کر سکتا ہے اور ایک جملہ کسی کی ہمت بڑھا سکتا ہے۔ ہمیں اپنی زبان کو نفرت کے بجائے محبت اور احترام کا ذریعہ بنانا ہوگا۔ یہی تہذیب کی اصل پہچان ہے۔

یہ وقت ہے کہ ہم بطورِ پاکستانی اپنی اجتماعی ذمہ داری کو سمجھیں۔ قومیت کا مطلب دوسروں کو نیچا دکھانا نہیں بلکہ اپنے کردار کو بلند کرنا ہے۔ اگر ہم واقعی باوقار قوم بننا چاہتے ہیں تو ہمیں اپنے رویوں میں سنجیدگی، برداشت اور احترام پیدا کرنا ہوگا۔

آیئے یہ عہد کریں کہ ہم کسی بھی قوم یا پیشے سے وابستہ شخص کی تحقیر نہیں کریں گے۔ ہم حلال روزی کمانے والے ہر فرد کو عزت کی نگاہ سے دیکھیں گے، چاہے وہ تنور پر ہو، سڑک پر ہو یا کسی دفتر میں۔ یہی رویہ ہمیں اخلاقی طور پر مضبوط بنائے گا۔

شرمندگی کا احساس دراصل بیداری کی علامت ہے۔ اگر ہم نے اس لمحے کو خود احتسابی کا موقع بنا لیا تو ہم ایک بہتر معاشرے کی بنیاد رکھ سکتے ہیں۔ ہمیں اپنی سوچ بدلنی ہوگی، کیونکہ ہم اس سے بہتر ہو سکتے ہیں، اور ہمیں واقعی اس سے بہتر ہونا چاہیے۔

خون کی دہلیز پر کھڑی دنیا کیا امن کی کوئی راہ باقی ہے؟

دنیا ایک بار پھر تاریخ کے اس موڑ پر آ کھڑی ہوئی ہے جہاں فضا میں بارود کی بو محسوس کی جا سکتی ہے، سفارتی بیانات میں سختی بڑھ رہی ہے اور سرحدوں کے دونوں طرف کھڑے سپاہیوں کی نظریں کسی غیر یقینی کل کی طرف جمی ہوئی ہیں۔ جنوبی ایشیا میں پاکستان اور افغانستان کے درمیان کشیدگی ہو، یا مشرقِ وسطیٰ میں ایران اور اسرائیل کے بڑھتے ہوئے تنا کی بازگشت عالمی سیاست کا درجہ حرارت مسلسل اوپر جا رہا ہے۔ سوال یہ نہیں کہ خطرہ موجود ہے یا نہیں، سوال یہ ہے کہ کیا انسانیت اس بار بھی وہی غلطی دہرانے جا رہی ہے جو وہ ماضی میں کر چکی ہے؟ تاریخ کے اوراق ہمیں خبردار کرتے ہیں۔ World War I ایک ایسے واقعے سے بھڑکی جسے ابتدا میں محدود سمجھا گیا، مگر دیکھتے ہی دیکھتے وہ آگ پورے یورپ کو نگل گئی۔ پھر World War II نے انسانیت کو ایسی تباہی دکھائی جس کی مثال پہلے کبھی نہ تھی۔ شہر ملبے کا ڈھیر بن گئے، کرو

بقیہ 1 پانی

بھی متاثر ہونے لگے۔ تفصیلات کے مطابق گرمیوں کا آغاز ہوتے ہی مانسہرہ شہر میں پینے کے صاف پانی کا بحران شدت اختیار کر گیا ہے۔ شہری علاقوں کے ساتھ ساتھ اہم سرکاری ادارے بھی پانی کی قلت کا شکار ہیں جن میں کنگ عبداللہ ٹیچنگ ہسپتال سرفہرست ہے۔ ذرائع کے مطابق ہسپتال میں روزانہ کی بنیاد پر تین سے چار مرتبہ صفائی کے دوران پانی کا بے دریغ استعمال کیا جارہا ہے۔ اس کے علاوہ ہسپتال کے اندر قائم گارڈن اور مریضوں کی انتظارگاہ میں بنائی گئی مبینہ طور پر غیر قانونی کینٹین کو بھی پانی کا کنکشن فراہم کیا گیا ہے جہاں پانی کا کھلے عام استعمال جاری ہے۔ ذرائع کا یہ بھی کہنا ہے کہ مذکورہ کینٹین کو پانی کے ساتھ ساتھ بجلی اور گیس کے کنکشن بھی دیے گئے ہیں جن کی قانونی حیثیت پر سوالات اٹھائے جارہے ہیں۔ پانی کی قلت کے باعث ہسپتال میں زیرِ علاج مریضوں اور ان کے لواحقین کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ بعض مریضوں کے اہل خانہ کا کہنا ہے کہ انہیں پینے کے پانی کے حصول کے لیے باہر سے پانی لانا پڑتا ہے جس سے اضافی مالی اور جسمانی پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ اس کے علاوہ شہر کے دیگر علاقوں میں بھی صاف پانی کی فراہمی متاثر ہونے کی اطلاعات ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ وہ مجبوری کے عالم میں دور دراز علاقوں سے پینے کا پانی بھر کر لانے پر مجبور ہیں۔ شہری حلقوں نے ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ پانی کے بحران کا فوری نوٹس لیا جائے، غیر قانونی کنکشنز کی تحقیقات کی جائیں اور ہسپتال سمیت شہر بھر میں پانی کی منصفانہ فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔

بقیہ 2 مہاجرین

قانونی طور پر رہائش پذیر افغان مہاجرین کو پولیس نے گرفتار کرلیا صوبائی حکومت کی ہدایت پر ضلع مانسہرہ کے 13 تھانوں کو ڈی پی او مانسہرہ نے ہدایت کی ہے کہ اپنی اپنی حدود میں افغان مہاجرین کی چیکنگ کر کے غیر قانونی طور پر رہائش پذیر افغان مہاجرین کو گرفتار کر کے 14 فارن ایکٹ کے تحت انکے خلاف مقدمات درج کئے جائیں

بقیہ 3 گرفتار

سے 13، خاکی سے 15، گڑھی حبیب اللہ سے 20 اور بالاکوٹ سے 20 افغان مہاجرین کو گرفتار کیا گیا۔ تمام افراد پر غیر قانونی طور پر رہائش پذیر ہونے کا الزام ہے۔ ضلعی پولیس کے مطابق یہ کارروائیاں صوبائی حکومت کی ہدایات پر عمل میں لائی جارہی ہیں۔ ضلع مانسہرہ کے 13 تھانوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اپنی اپنی حدود میں چیکنگ کے عمل کو مزید مؤثر بنائیں اور غیر قانونی طور پر مقیم افغان مہاجرین کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائیں۔ پولیس ڈیپارٹمنٹ مانسہرہ کے مطابق گرفتار افراد کے خلاف فارن ایکٹ کی دفعہ 14 کے تحت مقدمات درج کر لیے گئے ہیں اور قانونی کارروائی جاری ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ ضلع بھر میں چیکنگ اور کریک ڈان کا سلسلہ آئندہ بھی جاری رہے گا تاکہ غیر قانونی رہائش پذیر افراد کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی یقینی بنائی جاسکے۔

بقیہ 4 پایہ تکمیل

کیلگ کے حوالے سے تمام ترقیاتی سکیموں کو جلد پایہ تکمیل تک پہنچانے کے سلسلے میں خصوصی تبادلہ خیال۔ جنرل کونسلر vc کیلگ حاجی خانداد خان اور دیگر احباب کی خصوصی ڈیمانڈ اور مطالبے پر کیلگ گاں کے لیے یوسف ایوب خان نے مرکزی جنازہ کے ساتھ عوامی کیمونٹی سنٹر کی منظوری دے دی جسکا کام ان شااللہ بہت جلد شروع ھوگا۔ اس موقع پر جنرل کونسلر حاجی خانداد خان جدون اور دیگر احباب نے یوسف ایوب خان کا شکریہ ادا کیا

بقیہ 5 کلاس فور

ہری پور کے درجنوں کلاس فور ملازمین محکمانہ فرائض کی ادائیگی کے بجائے سارا دن بازاروں میں اپنی پیدا گیری میں مصروف رہتے ہیں اور ماہ صیام میں بھی بھتہ خوری سے باز نہ آئے، صبح ہاتھ میں خالی لایا جانے والا تھیلہ شام کو اشیاء خورد و نوش سے بھر کر لے جانے لگے اور سحری و افطاری بھی اسی حرام کے رزق سے کرنے لگے، شرم تو تجھ کو آتی نہیں کے مصداق افسران بالا بھی لگتا ہے حصہ وصولی میں ملوث ہیں، کمشنر ہزارہ ٹی ایم اے کلاس فور ملازمین کی اس بھتہ خوری کا نوٹس لیں۔

بقیہ 6 ترقی

کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ ترقی کے مجوزہ اہداف کے حصول کے لیے ایز آف ڈوئنگ بزنس پالیسی کا مؤثر نفاذ ناگزیر ہے۔ صوبائی حکومت اپنے وسائل سے پاور ٹرانسمشن لائن بچھا رہی ہے جس کے ذریعے مقامی پیداشدہ بجلی صنعتوں کو سستے نرخوں پر فراہم کی جائے گی۔ وزیراعلیٰ نے مزید کہا کہ صوبے میں سرمایہ کاری کا بھرپور پوٹینشل موجود ہے، حکومت سرمایہ کاروں کو سہولیات بھی فراہم کر رہی ہے تاہم امن و امان کا مسئلہ اس وقت ایک بڑی رکاوٹ رہا ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ بند کمروں میں کیے گئے فیصلوں کی وجہ سے ہم امن و امان کے مسائل سے دوچار ہیں جو ترقی کی راہ میں واحد رکاوٹ بنے ہوئے ہیں۔ اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ اکتوبر 2022 سے اب تک مجموعی طور پر 457 ارب روپے سے زائد کی سرمایہ کاری کو صوبے میں راغب کیا جاچکا ہے جبکہ گزشتہ تین سالوں کے دوران مختلف خصوصی اقتصادی زونز میں درآمدات پر 25 ارب روپے سے زائد کی چھوٹ حاصل کی گئی ہے۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ خصوصی اقتصادی زونز، صنعت، معدنیات اور سیاحت کے شعبوں میں اربوں روپے کی سرمایہ کاری کے چھ منصوبے مکمل ہوچکے ہیں جبکہ متعدد منصوبے تکمیل کے مختلف مراحل میں ہیں۔ اجلاس کو آگاہ کیا گیا کہ کے پی بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ میں ایز آف ڈوئنگ بزنس سیل 2021 سے قائم ہے۔ مزید بتایا گیا کہ خیبرپختونخوا آسان کاروبار ایکٹ 2025 نافذ العمل ہے جبکہ ایکٹ کے تحت رولز پر کام جاری ہے۔ آسان کاروبار پورٹل بھی تیار کیا جاچکا ہے جو کامیابی سے آزمایا گیا ہے اور رواں ماہ کے اختتام تک ہر لحاظ سے مکمل اور باضابطہ اجراء کے لیے تیار ہوگا۔ مزید بتایا گیا کہ صنعت، خوراک اور کلچر اینڈ ٹورازم اتھارٹی کے 12 پراسیسز کی پورٹل میں انٹیگریشن مکمل ہوچکی ہے جبکہ باقی ماندہ محکموں کی انٹیگریشن رواں سال جون تک مکمل کی جائے گی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ ایز آف ڈوئنگ بزنس پالیسی کے تحت 176 پراسیسز میں سے 32 کو سمپلیفائی کیا جا چکا ہے جبکہ باقی پراسیسز پر کام جاری ہے۔ سمال اینڈ میڈیم انٹرپرینورز کے لیے جدید موبائل ایپلیکیشن "بزہب" بھی تیار کی گئی ہے۔ بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ سرمایہ کاروں کی ترغیب کے لیے متعدد روڈ شوز، سیمینارز، سمپوزیمز، ایکسپوز اور کانفرنسز کا انعقاد کیا گیا جبکہ 13 غیر ملکی وفود کے ساتھ نتیجہ خیز رابطہ کاری بھی پروموشنل سرگرمیوں کا حصہ رہی ہے۔ اجلاس کو آگاہ کیا گیا کہ وزیراعلیٰ کی خصوصی ہدایت پر سرکاری جامعات کے مالی استحکام کے لیے لائحہ عمل پر پیش رفت جاری ہے۔

بقیہ 7 تاجر

ریلی نکالی گئی جس میں تاجر برادری، سول سوسائٹی اور شہریوں نے بھی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ ریلی کے دوران شرکا کے ہاتھوں میں قومی پرچم اٹھا رکھے تھے ریلی شرکا نے پاک فوج کے حق میں نعرے لگائے اور ملکی سلامتی کے لیے اپنی مکمل حمایت کا اعلان کیا۔ ریلی سے خطاب کرتے ہوئے پاکستان مسلم لیگ)ن(کے ضلعی صدر سید جنید علی قاسم، جنرل سیکرٹری وسیم حسن خان سواتی، نوید خان تحصیل صدر، مسلم لگی رہنما میاں عنایت الرحمان، سردار شہزاد حیدر، سید امتیاز شاہ، و دیگر نے کہا کہ پاکستانی عوام اور افواجِ پاکستان کے درمیان دوریاں پیدا کرنا کسی کے لیے ممکن نہیں۔ مقررین نے افغانی فوج کی جانب سے کی جانی والے جارحیت کی پرزور مذمت کرتے ہوئے کہا کہ افغانسان ہوش کے ناخن لے چند ٹکوں کی خاطر اسلام دشمنوں کے اشاروں پر نہ چلے ورنہ انڈیا کا انجام وہ دیکھ لے افواج پاکستان نے کس طرح انڈیا کو ناکو چنے چبائے ھیں۔ مقررین نے افواجِ پاکستان کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور قربانیوں کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم اپنی فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ مقررین نے آرمی چیف حافظ عاصم منیر کی قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جب بھی ملک کو ضرورت پڑی عوام ہر قربانی دینے کے لیے تیار ہوں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ دشمن عناصر ملک اور اسلام کو نقصان پہنچانے کے درپے ہیں لیکن قوم متحد ہے اور ہر سازش کو ناکام بنائے گی۔ خطاب میں شہدائے پاکستان کو خراجِ عقیدت پیش کیا گیا اور کہا گیا کہ ملک کے دفاع کے لیے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہدا قوم کا فخر ہیں۔ مقررین کے نے کہا کہ مانسہرہ سے تعلق رکھنے والے متعدد فوجی جوانوں کو بھی وطن کی خاطر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا جن کی قربانیاں ہمیشہ یادرکھی جائیں گی۔ ریلی کے اختتام پر شرکا نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ افواجِ پاکستان کے ساتھ اظہارِ یکجہتی کے لیے آئندہ بھی مختلف مقامات پر ریلیاں اور تقاریب منعقد کی جائیں گی۔ مقررین کا کہنا تھا کہ افواجِ پاکستان ہیں تو ملک ہے، اور ملک ہے تو ہم ہیں۔ آخر میں افواجِ پاکستان و ملک وقوم کی سلامتی کیلئے دعا کی گی۔

بقیہ 8 ریسکیو

کالونی زخمی ہوگیا۔ ریسکیو 1122 ہری پور کی میڈیکل ٹیم نے زخمی کو موقع پر زخمی کو مکمل طبی امداد فراہم کی۔

بقیہ 9 غیر ملکی

سازی کے بنالیے کوئی پوچھنے والا نہیں متعلقہ ادارے چھان بین کے بعد غیر ملکیوں کو واپس اپنے وطن روانہ کریں ایلیان علاقہ کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق ایبٹ آباد تھانہ مانگل کی حدود میں افغانیوں کی بھرمار کئی سالوں سے جعل سازی کے زریع پاکستانی شناختی کارڈ بنا کر پکی جائیدادیں خرید لیں کوئی پوچھنے والا نہیں زرائع کے مچابق قلندر آباد اور اس۔ کے گردونواح کے علاقوں میں افغانی لوگ روس افغانستان لڑائی کے دوران ہجرت کر کے آئے تھے جن کی آج بھی جائیدادیں وہاں پرموجود ہیں یہ افغانی لوگ سال دوسال میں چکر لگا کرآتے رہے ہیں شناختی کارڈ جعلی سازی میں ملوث اہلکاروں اور ان کے سہولت کاروں افغانیوں کو فوری طور پر ملک بدر کیا جائے تا کہ ممکنہ دہشت گردی ست بچا جاسکے

بقیہ 10 باشندے

غیر قانونی طور پر مقیم افغانی باشندوں کو مقررہ مدت کے اندر مکانات خالی کرنے یا اپنی قانونی دستاویزات مکمل کرنے کی ہدایت دی گئی تھی۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ اعلان میں واضح طور پر وقت دیا گیا تھا تا کہ غیر قانونی طور پر مقیم افراد اپنی رہائش کا اسٹیٹس قانون کے مطابق درست کریں یا علاقہ چھوڑ دیں، تاہم مقررہ مدت گزرنے کے باوجود نہ تو مکانات خالی کروائے گئے اور نہ ہی مالکانِ مکان یا غیر قانونی طور پر مقیم افراد کے خلاف کوئی نمایاں کارروائی عمل میں لائی گئی۔ اہلیانِ سکندر آباد کا موقف ہے کہ قانون پر یکساں اور شفاف عملدرآمد ہونا چاہیے، چاہے اس کا تعلق کسی بھی ملک یا قومیت سے رکھنے والے افراد سے ہو۔ انہوں نے ضلعی انتظامیہ اور پولیس حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ افغانی باشندوں سمیت تمام غیر قانونی رہائش پذیر افراد کی جانچ پڑتال کی جائے اور قانونی تقاضوں کے مطابق فیصلہ کیا جائے۔ مقامی افراد نے اس بات پر بھی زور دیا کہ کسی بھی کارروائی میں انسانی وقار اور قانونی اصولوں کو مدِنظر رکھا جائے، تا کہ علاقے میں امن و امان برقرار رہے اور شہریوں کا اعتماد بحال ہوسکے۔

بقیہ 11 تحصیلدار

جرمانے عائد کیے گئے۔ اس موقع پر تحصیلدار حویلیاں نے خبردار کیا کہ آئندہ بھی خلاف ورزی کی صورت میں ذمہ داران کے خلاف مزید سخت قانونی کارروائی کی جائے گی، جس میں گرفتاری بھی شامل ہوسکتی ہے۔ میڈیا نمائندگان اور تاجروں سے گفتگو کرتے ہوئے تحصیلدار اصغر خان نے کہا کہ رمضان المبارک رحمتوں اور برکتوں کا مہینہ ہے، اسے ناجائز منافع خوری کے ذریعے عوام کے لیے مشکلات کا باعث بنانے والے نہ صرف قانون بلکہ اللہ تعالی کے بھی مجرم ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ ضلعی انتظامیہ ڈپٹی کمشنر ایبٹ آباد کی سربراہی میں گرانفروشوں کے خلاف کارروائیاں بلا امتیاز جاری رکھے گی اور کسی صورت روزہ دار عوام کو منافع خوروں کے رحم وکرم پر نہیں چھوڑا جائے گا۔ ضلعی انتظامیہ نے تاجروں سے اپیل کی ہے کہ وہ سرکاری نرخ ناموں پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنائیں اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے میں اپنا کردار ادا کریں

بقیہ 12 نرخنامہ

سے زائد نرخ وصول کرنے اور نرخنامہ نمایاں طور پر آویزاں نہ کرنے پر سخت کارروائی عمل میں لاتے ہوئے موقع پر جرمانے عائد کیے گئے، اسسٹنٹ کمشنر نے واضح ہدایات جاری کیں کہ رمضان المبارک کے دوران عوام کو ریلیف فراہم کرنا انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے لہٰذا کسی بھی صورت منافع خوری اور ذخیرہ اندوزی برداشت نہیں کی جائے گی جبکہ تمام تاجران کو تاکید کی گئی کہ سرکاری نرخنامے نمایاں مقام پر آویزاں کریں اور مقررہ قیمتوں پر اشیائے خوردونوش کی فراہمی یقینی بنائیں بصورت دیگر سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 13 لاحق

جان کو شدید خطرہ لاحق ہوسکتا ہے، یہ گراؤنڈ روزانہ سینکڑوں افراد استعمال کرتے ہیں، جن میں بچے، نوجوان اور بزرگ شامل ہیں، ایسی صورت حال میں کسی بھی لمحے بڑا حادثہ رونما ہوسکتا ہے، متعلقہ محکمہ سے اپیل ہے کہ فوری طور پر موقع پر آکر پول کی مرمت اور سپورٹ کو مضبوط بنایا جائے تا کہ کسی جانی و مالی نقصان سے بچا جاسکے، اہل علاقہ کی جانب سے یہ عوامی مطالبہ ہے کہ اس مسئلے کو سنجیدگی سے لیا جائے اور فوری کارروائی کی جائے۔

بقیہ 14 افغانی

فیصلہ کیا کہ غیر قانونی افغان مہاجرین کی وطن واپسی اور نشاندہی کے لیے مشترکہ آپریشنز کو مذید تیز کیا جائے، افغان مہاجرین کو مکانات، شاپس، مارکیٹس وغیرہ کرائے پر دینے والوں کے خلاف سخت سے سخت کاروائیاں عمل میں لائیں، سہولت کاری میں ملوث عناصر کے خلاف بھی سخت سے سخت قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے، حساس مقامات کی سکیورٹی کو یقینی بنایا جائے۔

بقیہ 15 ہدایت

شفیع اللہ گنڈاپور کی ہدایت پر اسسٹنٹ پی ایس او حمزہ آصف، جو خود بھی شہید پولیس آفیسر کے بیٹے ہیں، ہری پور میں پولیس کے شہداء کے گھروں میں جا کر ان سے ملاقات اور ان سے مسائل سے متعلق دریافت کیا۔ پولیس شہداء کی فیملیز کو تین رمضان پیکجز پیش کیے۔ شہداء پولیس کی فیملیز کو ڈی پی او ہری پور کی جانب سے پیغام دیا کہ پولیس شہداء ہمارا فخر ہیں، جنہوں نے امن و امان کے قیام اور عوام کے تحفظ کی خاطر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ شہداء کی قربانیاں کبھی فراموش نہیں کیں جائیں گی۔ شہداء پولیس کی فیملیز کی کفالت اور دیکھ بھال ہری پور پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ شہداء پولیس کی فیملیز نے آئی جی خیبر پختونخوا ذوالفقار حمید، ڈی آئی جی ہزارہ ناصر محمود سنی اور ڈی پی او ہری پور شفیع اللہ گنڈاپور کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 16 مرحوم

مرحوم کے درجات کی بلندی اور پسماندگان کے لیے صبرِ جمیل کی دعا کی ہے۔

بقیہ 17 مالکان

اور روپوش ہوگیا تھا اور بعد ازاں مالکان نے پتہ براری کرنے کے بعد شانی مسلی کو پکڑ اس سے چوری شدہ بھینس کی قیمت وصول کی اور کچھ عرصہ غائب رہنے کے بعد دوبارہ محلّہ صدیق آباد و گرد و نواح میں دیکھا گیا ہے جو اس وقت رکشہ چلا رہا ہے، ذرائع نے بتایا کہ اس کا تعلق رسہ گیر گروہ سے ہے علاقہ میں مزید کسی بھی وقت مویشی چوری ہوسکتے ہیں پولیس اس پر نظر رکھے۔

بقیہ 18 میسر

غریب عوام کے بچوں کو معیاری تعلیم میسر ہوگی

بقیہ 19 محدود

محدود ہوگئے کے پی کے میں گزشتہ پندرہ سالوں سے عوام کو ہرماہ رمضان میں ریلیف کے نام پر صرف کرپشن ہی کا سامنا کرنا پڑتا رہا ہے آج بھی غریب عوام 6200 سے 6400 روپے تک فی من آٹا خریدنے پر مجبور جبکہ سستا آٹا صرف سوشل میڈیا پر ہی دستیاب ہے کے پی کے میں پی ٹی آئی کا پندرہ سالہ تباہ کن دور ہمیشہ یاد رکھا جائے گا اسی طرح ضلعی حکومتوں کی جانب سے جاری کردہ نرخ نامے بھی صرف فائلوں تک ہی محدود ہیں بازاروں میں ان پر کوئی عمل نہیں ہورہا ہے

بقیہ 20 مہنگائی

پانچ روپے اضافہ پر عوامی و سماجی حلقوں نے کہا ہے کہ پہلے ہی عوام مہنگائی کی زد میں ہے پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ سے مہنگائی میں مزید اضافہ ہوگا وفاقی حکومت کی جانب سے عوام کو رمضان پیکیج پٹرولیم میں اضافہ کر کے دیا گیا ہے جو کہ باعث افسوس ہے کے پی کے کی عوام پہلے ہی مہنگائی اور گراں فروشی کے شکنجے میں ہے اوپر سے پرول کی قیمت میں اضافہ سے مزید مہنگائی ہوگی

بقیہ 21 ٹریفک

گئیں، ڈی سٹاپ تا ڈھینڈہ چوک، ڈھینڈہ چوک تا شیرانوالہ گیٹ، دربند اڈہ سے شیرانوالہ گیٹ، شیرانوالہ گیٹ سے ڈاکٹر پلازہ، ڈاکٹر پلازہ سے فوارہ مسجد جبکہ رحمانیہ روڈ و دیگر شاہراہوں پر بھی اب ٹریفک جام رہنا معمول بن گیا، لوگ ٹریفک جام کی وجہ سے سخت خوف زدہ ہیں ایسا لگتا ہے کہ عوام کو پریشان کرنے کیلئے طارق عزیز کو ٹریفک انسپکٹر لگا کر شہریوں کے لئے مسائل پیدا کئے جارہے ہیں اس طرح کی ٹریفک پچھلے 10 سالوں میں نہیں دیکھی گئی جبکہ ٹریفک مسائل کے باعث جب ڈرائیور ٹریفک انسپکٹر طارق عزیز کو شکایت کرتے ہیں تو موصوف کہتے ہیں میں کچھ نہیں کرسکتا میرے خلاف ڈی پی او کو شکایت کرنی ہے تو جا کر کرو۔

بقیہ 22 حقیقت

منڈی کالج دوراہا میں اب تک ایک بھی افغانی گرفتار نہیں ہوا ہے اور ایک افغان مہاجر نے بتایا کہ ہم نے پولیس کے ساتھ سب اچھا ہے کالج دوراہا چوکی لاری اڈہ سے ہم بے غم ہیں پولیس ہمیں کچھ نہیں کہتی کیونکہ سب اچھا ہے ڈپٹی کمشنر مانسہرہ، ڈی پی او مانسہرہ سبزی منڈی کلگان موڑ جیاء میرا، گنگڑ میرا میں اپنی علیحدہ ٹیم بھیجیں تو حقیقت سامنے آجائے گی

بقیہ 23 پائیدار امن

گرفتار، ضلع کے وسیع تر مفاد و پائیدار امن کے قیام کیلئے اٹھائے جانے والے اقدام پر سنجیدہ حلقوں کا ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کو زبردست الفاظ میں خراج تحسین، خوف کی علامت وعلاقے راہزنی، چوری، ڈکیتی اور کارلفٹنگ جیسی وارداتوں میں ملوث پیشہ ور ملزمان کے خلاف کاروائیاں تیز کرنے کا عوامی مطالبہ زور پکڑ گیا، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر شفیع اللہ گنڈاپور کی تعیناتی سے قبل ضلع بھر میں ڈکیتی، چوری، راہزنی و کارلفٹنگ سمیت قبضہ مافیا کی وارداتوں میں خطرناک حد تک اضافہ ہوچکا تھا بعض تھانوں کی انتظامیہ اپنی نگرانی میں مبینہ مٹھی گرم کے باعث قبضے بھی کرواتے رہے ہیں علاوہ ازیں متعدد تھانوں کی حدود میں بین الصوبائی جوئے کے اڈے بھی چلتے رہے جہاں سے یومیہ، ہفتہ وار اور مبینہ منتھلی بھی آتی رہی، شفیع اللہ گنڈاپور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کی تعیناتی کے ساتھ ہی انہوں نے رات دن کی پرواہ کئے بغیر ہنگامی بنیادوں پر تھانوں کے وزٹ کئے اور ہدایات جاری کیں کہ پولیس کا کوئی آفیسر یا اہلکار کسی بھی جرائم پیشہ افراد کے ساتھ منسلک یا اس کی سرپرستی یا کسی بھی طرح کی منفی سرگرمی میں ملوث پایا گیا تو سخت کاروائی کی جائے گی، انہوں نے تمام تھانوں کے ایس ایچ اوز و ڈی ایس پیز کو سختی سے ہدایات دیں کہ ضلع میں پائیدار امن کے قیام اور دہشت کی علامت بننے والے خطرناک ملزمان کے خلاف کاروائیاں تیز کی جائیں، ان کی ہدایت پر ضلع میں نہ صرف امن قائم ہوا بلکہ خطرناک ڈکیت پولیس مقابلوں میں مارے گئے اور متعدد زخمی بھی ہوئے اور بعض تھانوں کی حدود میں منشیات فروشوں کے خلاف پے در پے کاروائیوں میں اب تک لاکھوں روپے مالیت کی اعلیٰ کوالٹی کی منشیات جس میں ہیروئن، چرس، شراب افیون، آئس برآمد کی گئی جو قابل ستائش کارکردگی ہے، یہاں ضلع ہری پور کے عوام نے اس بات پر زور دیا ہے کہ عید کی آمد آمد ہے چند ایک جگہوں پر چوری ڈکیتی کی وارداتیں رونما ہوئی ہیں، ان ملزمان کے خلاف بھی گھیرا تنگ کر کے انہیں مال مسروقہ سمیت گرفتار کیا جائے۔

بقیہ 24 طبعی امداد

پر پہنچ گئے اور زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد فراہم کی۔ بعدازاں دونوں زخمی ڈرائیورز کو تشویشناک حالت کے پیش نظر ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہنگرام ہسپتال منتقل کردیا گیا، جہاں انہیں مکمل طبی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔ الحمدللہ اس حادثے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، تاہم دونوں گاڑیوں کو کافی نقصان پہنچا ہے۔ مقامی افراد نے بھی امدادی کارروائیوں میں بھرپور تعاون کیا۔ عوام سے اپیل ہے کہ سی پیک روڈ پر سفر کرتے وقت احتیاطی تدابیر اختیار کریں، رفتار کو قابو میں رکھیں اور ٹریفک قوانین کی مکمل پابندی کریں تا کہ اس طرح کے افسوسناک واقعات سے بچا جاسکے۔

بقیہ 25 مظاہرہ

کا مظاہرہ کرتی ہیلیکن بجلی کا مسلسل 4 دن بند رہنا عوام میں احساس محرومی اور اشتعال میں اضافہ کررہا ہے

بقیہ 26 آغاز

کے مطابق صوبے بھر کے سرمائی زون میں واقع تعلیمی اداروں میں تدریسی سرگرمیوں کا دوبارہ آغاز کردیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق مڈل کلاسز تک سمسٹر سسٹم کے نفاذ کے بعد چھٹی سے آٹھویں جماعت تک پہلا تعلیمی سمسٹر بھی آج سے شروع ہورہا ہے۔ حکام کے مطابق طلبہ وطالبات کے لیے نئے تعلیمی سال کی کتب متعلقہ سکولوں کے حوالے کی جاچکی ہیں تا کہ تدریسی عمل میں کسی قسم کی رکاوٹ پیش نہ آئے۔ واضح رہے کہ مڈل تک سالانہ امتحانات گزشتہ دسمبر میں منعقد کر کے نتائج کا اعلان کیا جا چکا تھا، جس کے باعث طلبہ آج سے نئی جماعتوں میں باقاعدہ داخلہ لے کر تعلیم کا آغاز کریں گے۔ دوسری جانب میٹرک کے سالانہ امتحانات 31 مارچ سے شروع ہوں گے جبکہ انٹرمیڈیٹ کے امتحانات اپریل کے آخر میں منعقد کیے جائیں گے۔ محکمہ تعلیم کی جانب سے رمضان المبارک کے دوران سکولوں کے اوقات کار میں تبدیلی کا نوٹیفکیشن بھی پہلے ہی جاری کیا جاچکا ہے، جس پر تمام تعلیمی اداروں کو عملدرآمد کی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ 27 اطلاع

کرنے والوں کی بھی اطلاع دی جائے

بقیہ 28 سکولز

سکولوں میں چھٹی کلاس سے آٹھویں جماعت تک پہلا تعلیمی سمسٹر بھی شروع ہوگا طلبا وطالبات کے لئے نئے سال کی کتب سکولوں کے حوالے کردی گئیں چونکہ مڈل کلاسز تک سالانہ امتحانات دسمبر میں منعقد کر کے نتائج کا اعلان کردیا گیا تھا لہذا آج سے طلبا نئے کلاس میں داخلہ لیں گے میٹرک کے سالانہ امتحان 31 مارچ سے شروع ہوں گے جبکہ انٹرمیڈیٹ کے امتحانات اپریل کے آخر میں منعقد کئے جائیں گے رمضان المبارک کے دوران سکول کے اوقات میں تبدیلی کا نوٹیفکیشن پہلے ہی جاری کردیا گیا ہے

بقیہ 29 ملک ظہیر

مسلم لیگی رہنما ملک ظہیر تنولی نے قوم سے اپیل کی کہ وہ ملکی سلامتی اور استحکام کے لیے افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑے رہیں اور اتحاد و یگانگت کا مظاہرہ کریں۔

بقیہ 30 متحرک

صفائی کی صورتحال اور نرخ نامہ کو چیک کیا گیا۔ کباب فروش کے ہاں ناقص اور مضر صحت تیل برآمد ہونے پر فوری طور پر موقع پر تلف کردیا گیا۔ اسی طرح بی ایچ یو پاشتو میں طبی سہولیات، عملے کی حاضری، ادویات کی دستیابی، صفائی کی صورتحال اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ متعلقہ عملے کو ہدایت کی گئی کہ عوام کو بروقت اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے اور کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ خلاف ورزی کرنے والے متعدد دکانداروں کو موقع پر جرمانہ کیا گیا جبکہ سنگین خلاف ورزی پر ایک دکاندار کو گرفتار کر کے حوالات بند کیا گیا۔ عوامی مفاد اور صحت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلا امتیاز کارروائی جاری رہے گی۔ ضلعی انتظامیہ رمضان المبارک میں عوام کو ریلیف اور بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے متحرک ہے۔

بقیہ 31 پرعزم

قوانین کی پاسداری کو یقینی بنایا جاسکے اور شہریوں کی جان و مال کا تحفظ ممکن بنایا جا سکے۔ عوام الناس سے اپیل ہے کہ وہ اپنے بچوں پر کڑی نظر رکھیں اور انہیں کسی بھی قسم کی غیر قانونی سرگرمی، خصوصا ون ویلنگ جیسے خطرناک عمل سے باز رکھیں۔ ٹریفک پولیس مانسہرہ شہریوں کے تعاون سے محفوظ اور منظم ٹریفک نظام کے قیام کے لیے پرعزم ہے

بقیہ 32 عزم

نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ حب الوطنی، قومی اتحاد اور امن کے فروغ کے لیے مثبت کردار ادا کریں اور ملک کی ترقی وخوشحالی میں اپنا حصہ ڈالیں اور نوجوان اس عزم کا اعادہ کریں کہ وہ ہر قسم کے حالات میں اپنی افواج اور ریاستی اداروں کے ساتھ کھڑے رہیں گے۔

بقیہ 33 انتظامیہ

پر نہ دیں اور ایسے تمام لوگوں کی اطلاع پولیس اور ضلعی انتظامیہ کنٹرول روم نمبرز پر دیں۔

بقیہ 34 پاکستان

نے پاکستان کو اپنے لیئے ایک محفوظ شکارگاہ سمجھ رکھا ہے۔

بقیہ 35 گریز

رفتاری سے گریز کریں کیونکہ تیز رفتاری ھلاکت کا سبب بنتی ھے

بقیہ 36 مرحوم

دیانتدار اور خوش اخلاق انسان تھے اللہ کریم مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلی مقام عطا فرمائے، سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی ہمت عطا فرمائے۔ آمین

بقیہ 37 رمضان

کہی۔ انہوں نے کہا کہ رمضان المبارک کے بابرکت مہینے کا چاند نظر آتے ہی بڑے بڑے شیاطین قید کر لیئے جاتے ہیں تا کہ مسلمان یکسوئی اور محبت سے اپنی عبادات اور روزے رکھ کر اپنے آجر وثواب میں اضافہ کر کے اللہ تعالی کی خوشنودی حاصل کرسکیں۔ انہوں نے کہا کہ رمضان المبارک کے مہینے میں تاجر مسلمانوں کو میعاری اور سستی اشیائے خوردونوش فراہم کر کے اضافی ثواب حاصل کرسکتے ہیں جبکہ سرکاری ملازمین اپنی سرکاری ڈیوٹی کے زریعے سائلین کو آسانیاں فراہم کر کے اپنے اجروثواب میں اضافہ کرسکتے ہیں اسی طرح حکمران، سیاست دان اور بیوروکریٹ بھی قوم کو ریلیف فراہم کر کے اللہ تعالی کی طرف سے ماہ رمضان میں ہر اجر پر دس گناہ ثواب کی لوٹ سیل کا فائدہ اٹھاسکتے ہیں۔

بقیہ 38 زیادتی

نہیں کیا جائے گا۔ عوام کو انصاف کے تقاضے پورے ہوتے واضح طور پر نظر آئیں گے۔ کسی بے گناہ کے ساتھ کسی قسم کی زیادتی ہرگز نہیں کی جائے گی اور کسی گنہگار کی کسی بھی سطح پر پشت پناہی نہیں کی جائے گی، خواہ اس کا تعلق پولیس فورس سے ہو یا عوام میں سے کسی بھی فرد سے۔ مانسہرہ پولیس ضلع کی عوام کی جان، مال اور عزت کے تحفظ کی ضامن ہے۔ شہریوں کے تحفظ، امن وامان کے قیام اور جرائم کے سدباب کے لیے اپنے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ مزید برآں ضلع مانسہرہ میں جاری تمام مقدمات کی تفتیش کو مکمل شفافیت، انصاف اور میرٹ کی بنیاد پر پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے گا تا کہ حق دار کو حق مل سکے اور قانون پر عوام کا اعتماد مزید مضبوط ہو

بقیہ 39 آپریشن

کو بغرض علاج معالجہ ٹرامہ سنٹر ہری پور منتقل کیا جبکہ د

ہریپور' ڈی پی او شفیع اللہ گنڈا پور کی جانب سے ہریپور کے پولیس شہداء کی فیملیز کو رمضان پیکیج پیش کیا جا رہا ہے

عامر شہزاد سینکڑوں اشک بار آنکھوں کے سامنے سپرد خاک

ہری پور (کرائم رپورٹر) عامر شہزاد کو سینکڑوں اشک بار آنکھوں نے مانسہرہ میں سپرد خاک کر دیا۔ جوان موت پر ہر آنکھ اشک بار تھی، سلسلہ نقشبندیہ اویسیہ و تنظیم الاخوان ضلع مانسہرہ کے سیکرٹری اطلاعات عامر شہزاد خالق حقیقی سے جا ملے۔ وہ ایک انتہائی نیک، ملنسار، قابل، محنتی، (بقیہ صفحہ 3 نمبر 36)

ماہ رمضان نیکیوں کی لوٹ سیل ہے، عوامی و دینی حلقے

بجنہ (نامہ نگار) ماہ رمضان نیکیوں کی لوٹ سیل ہے جس میں ایک نیکی دس گناہ اجر میں بدل جاتی ہے۔ یہ بات دینی اور عوامی حلقوں سے ملاقات کے بعد سینیٹر رہنما مسلم لیگ ن ایڈووکیٹ صلاح الدین خان نے شمال سے بات کرتے ہوئے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 37)

قانون کی بالادستی ہر صورت یقینی بنائی جائے گی

پھلڑہ (نمائندہ شمال) قانون کی نظر میں سب برابر ہیں، چاہے وہ کوئی پولیس اہلکار ہو یا کسی بھی سیاسی یا سماجی جماعت سے تعلق رکھنے والا فرد۔ ضلع مانسہرہ میں قانون کی بالادستی ہر صورت یقینی بنائی جائے گی اور کسی کو بھی قانون سے بالاتر تصور (بقیہ صفحہ 3 نمبر 38)

گاؤں کوٹگلہ کے مقام سی پیک موڑ پر ڈمپرز میں خوفناک حادثہ

دونوں طرف سے ڈرائیورز زخمی، جنہیں طبعی امداد کے لئے بٹگرام ہسپتال پہنچایا گیا

بٹگرام (نمائندہ خصوصی) تحصیل بٹگرام کے نواحی گاؤں کوٹگلہ کے بلمقابل سی پیک موڑ پر دو ہیوی ڈمپر کا خطرناک حادثہ پیش آیا عینی شاہدین کا کہنا تھے کہ حادثہ تیز رفتاری کے باعث پیش آیا ذرائع کہنا تھے کہ حادثہ افطار سے 30 منٹ پہلے پیش آیا اللہ کا شکر ہے کہ دونوں طرف سے ڈرائیور زخمی ہوئے جنکو طبعی امداد کیلئے ڈی ایچ کیو ہسپتال بٹگرام پہنچا دیا گیا، عوام سے گزارش ہے کہ ماہ رمضان میں تیز (بقیہ صفحہ 3 نمبر 35)

پولیس مقابلہ، منشیات فروش فیضان زخمی حالت میں گرفتار

ملزم کے خلاف مختلف تھانہ جات میں منشیات فروشی کے متعدد مقدمات درج ہیں

ہری پور (کرائم رپورٹر) تھانہ صدر ضلع ہری پور پولیس اور منشیات فروشوں کے درمیان کامیاب پولیس مقابلہ، فائرنگ کے تبادلہ میں 324.353.15AA9(1)3C.34 پی پی سی میں نامزد ملزمان فیضان عرف گندا ولد چن محمد سکنہ سیکٹر نمبر 1 کھلابٹ اور نوازش شاہ ولد اختر شاہ سکنہ ملکیار کی دوبندی سوکا کی جانب سے آمد کی اطلاع ملی۔ دوبندی سوکا میں ناکہ بندی عمل میں لائی۔ دوران ناکہ بندی دو نقاب پوش ملزمان آئے جنہوں نے پولیس ٹیم پر بارادہ قتل فائرنگ شروع کردی۔ فائرنگ کے تبادلہ میں ایک ملزم زخمی ہوا۔ سرسری دریافت پر ملزم نے اپنا نام فیضان عرف گندا ولد چن محمد سکنہ سیکٹر نمبر 1 کھلابٹ بتلایا۔ ملزم کا دوسرا ساتھی اندھیرے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے بھاگ نکلا۔ زخمی ملزم سے اسلحہ ایمونیشن اور چرس 1 کلو 271 گرام برآمد کرلی۔ زخمی ملزم (بقیہ صفحہ 3 نمبر 39)

موجود تھے کہ مقدمہ علت 77 مورخہ 2026.02.25 جرم بدنام زمانہ ریکارڈ یافتہ منشیات فروش فیضان عرف گندا زخمی حالت میں گرفتار، ملزم فیضان عرف گندا کے خلاف ضلع ہری پور کے مختلف تھانہ جات میں منشیات فروشی کے متعدد مقدمات درج رجسٹرڈ ہیں، ملزم فیضان عرف گندا قبل ازیں تھانہ کھلابٹ کی حدود میں ہونے والے پولیس مقابلے میں پولیس پارٹی پر فائرنگ کر کے بھاگ جانے والا نامزد ملزم تھا، اس حوالے سے ڈی پی او شفیع اللہ گنڈا پور کا کہنا تھا کہ منشیات فروش معاشرے کے ناسور ہیں، ضلع ہری پور کو منشیات سے پاک کرنے کے لیے پرعزم ہیں، ایس ایچ او تھانہ صدر قمر خان ہمراہ نفری پولیس کے ڈی ایس پی صدر محمد عارف کی زیر نگرانی حدود تھانہ میں گشت پر

وطن عزیز کے خلاف کسی بھی جارحیت کا بھرپور اور منہ توڑ جواب دیا جائے گا

سیاسی و سماجی حلقوں کی جانب سے پاک فوج کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو خراج تحسین پیش کیا گیا

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) پاک فوج نے ایک بار پھر ثابت کیا ہے کہ وطن عزیز کے خلاف کسی بھی جارحیت کا بھرپور اور منہ توڑ جواب دیا جائے گا۔ حالیہ سرحدی کشیدگی کے تناظر میں افواج پاکستان کی بروقت اور مثر کارروائیوں کو سراہتے ہوئے سیاسی و سماجی حلقوں نے ان کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار پاکستان مسلم لیگ ن کے سینئر ضلعی رہنما ملک ظہیر تنولی نے میڈیا بریفنگ کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ افواج پاکستان نے نہ صرف بھارتی جارحیت بلکہ حالیہ افغان سرحدی اشتعال انگیزی کا بھی ڈٹ کر مقابلہ کرتے ہوئے دشمن کو واضح پیغام دیا ہے کہ پاکستان اپنی خودمختاری اور سالمیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاک فوج دنیا کی ایک منظم، پیشہ ور اور طاقتور فوج ہے جو ہر قسم کے خطرات سے نمٹنے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ دشمن عناصر خطے میں بدامنی پھیلانے کی کوشش کر رہے ہیں، تاہم افواج پاکستان کی بروقت حکمت عملی اور قربانیوں کے باعث ملک محفوظ ہاتھوں میں ہے۔ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 29)

بٹگرام، فضل کریم کا پاشتو بازار اور بی ایچ یو پاشتو کا دورہ

اس موقع پر ٹی ایم اے کے لا انفورسمنٹ آفیسر سید الطاف حسین شاہ بھی ہمراہ تھے

بٹگرام (ھلال یوسفزئی) صوبائی حکومت کی ہدایات پر تحصیلدار آلائی فضل کریم نے بنہ بازار جبکہ نائب تحصیلدار محمد امتیاز خان نے پاشتو بازار اور بی ایچ یو پاشتو کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ٹی ایم اے کے لا انفورسمنٹ آفیسر سید الطاف حسین شاہ بھی ہمراہ تھے۔ دورانِ وزٹ رمضان المبارک مانیٹرنگ ڈیسک کا معائنہ کیا گیا اور اشیائے خوردونوش کی قیمتوں، سرکاری نرخ نامہ اور عوام کو فراہم کیے جانے والے ریلیف کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ متعلقہ عملے کو ہدایت کی گئی کہ رمضان المبارک میں عوام کو ہر ممکن سہولت فراہم کی جائے اور مقررہ نرخوں پر عملدرآمد ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ بعد ازاں قصابوں، ملک شاپس، سبزی فروشوں اور کباب فروشوں کی چیکنگ کی گئی۔ وزن، معیار، (بقیہ صفحہ 3 نمبر 30)

تحصیلدار اصغر خان حویلیاں بازار کا دورہ کرتے ہوئے گرانفروشوں کیخلاف کاروائیاں کر رہے ہیں

حکومت سادگی اور کفایت شعاری پر ہی ملک کو قرض سے نکال سکتی ہے

بجنہ (نامہ نگار) حکومت سادگی اور کفایت شعاری پر ہی ملک کو قرض اور عوام کو غربت سے نکال سکتی ہے۔ یہ بات سینیئر رہنما مسلم لیگ ن ایڈووکیٹ صلاح الدین خان نے پاکستان جیسے غریب اور قرض میں مبتلا ملک کے حکمرانوں، سیاست دانوں، بیوروکریٹس کے شاہانہ طرز زندگی، فضول خرچیوں کے ساتھ عوام کی غربت، بھوک اور بیروزگاری کو دیکھتے ہوشمال کو بتائی۔ انہوں نے کہا حکومت اور سیاست دانوں کے شاہی خرچوں کے ساتھ اب تو ایک صوبے کی چاند دیکھنے والی کمیٹی کا بھی ایک دن کے بیس کڑوڑ روپے خرچ لینے والی خبر سامنے آ رہی ہیں جس کو سن کر پاکستانی غریب عوام حیران ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قائداعظم محمد علی جناح کے بعد آنے والے حکمرانوں، سیاست دانوں، بیوروکریٹ کے ساتھ دیگر طبقوں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 34)

ایس ایس پی ٹریفک کی ہدایت پر موٹر سائیکلوں کے خلاف کارروائی

مانسہرہ (چیف رپورٹر) ڈی پی او مانسہرہ محمد اظہر خان کے احکامات کی روشنی میں ایس ایس پی ٹریفک مانسہرہ شہزادی نوشاد گیلانی کی ہدایات پر ڈی ایس پی ارشد خان و انچارج ٹریفک انسپکٹر انس خان کی نگرانی میں ٹریفک سٹاف مانسہرہ نے ون ویلنگ، بغیر نمبر پلیٹس، فلیشر لائٹس، پٹھے سلنسر، بلیک پیپر، اوورلوڈ، کم سن اور دیگر غیر قانونی آلات استعمال کرنے والے موٹر سائیکلوں کے خلاف ضلع بھر میں اسپیشل کریک ڈاؤن کیا۔ کریک ڈاؤن کے دوران متعدد غیر قانونی موٹر سائیکلوں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی گئی۔ یہ کارروائیاں آئندہ بھی تسلسل کے ساتھ جاری رہیں گی تاکہ ٹریفک (بقیہ صفحہ 3 نمبر 31)

حادثہ میں زخمی ہونے والے شخص کو طبی امداد دی جا رہی ہے

اے سی ہیڈ کوارٹر محمد فصیح اسحاق عباسی کا مختلف جگہوں کا معائنہ

اے غیر قانونی غیر ملکی باشندوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے متعدد دکانیں سیل کر دی گئیں

ہری پور (ڈسٹرکٹ کرائم رپورٹر) اسسٹنٹ کمشنر ہیڈ کوارٹر محمد فصیح اسحاق عباسی نے مین بازار ہری پور اور اس سے ملحقہ سڑکوں کا دورہ کیا، دوران انسپیکشن انہوں نے غیر قانونی غیر ملکی باشندوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے متعدد دکانیں سیل کر دی گئیں اور غیر قانونی باشندے گرفتار کر لیے گئے، واضح کیا گیا کہ آئندہ اگر مزید ایسی دکانیں پائی گئیں تو ان کے خلاف بھی سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی، اور ایک لاکھ پندرہ ہزار جرمانہ بھی کیا، گران فروشی کے مرتکب قصابوں اور پھل فروشوں کے خلاف کارروائیاں کی گئیں اور جرمانے عائد کئے گئے، سڑکوں پر تجاوزات قائم کرنے والے دکانداروں کو وارننگز جاری کی گئیں اور سابقہ تنبیہ کے باوجود بعض نہ آنے پر جرمانے عائد کیے گئے اور متعدد دکانیں سیل کر دی گئی، خلاف ورزی کی صورت میں بلا امتیاز کارروائی جاری رہے گی، بعد ازاں پرائس مانیٹرنگ ڈیسکس کا دورہ بھی کیا اور شکایات کا نوٹس لیا، شہریوں سے گزارش ہے کہ کسی بھی غیر قانونی غیر ملکی شہری کو ہرگز اپنی عمارات کرائے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 33)

پاک فوج ملک کی سلامتی، خودمختاری اور دفاع کی ضامن ہے

پوری قوم اپنی بہادر افواج کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے، عوام کا اظہار خیال

ہری پور (چیف رپورٹر) پاک فوج سے اظہارِ یکجہتی اور افغانستان کی جارحیت کے حوالے سے ضلع ہری پور کے عوامی، سماجی، مذہبی و سنجیدہ حلقوں کا کہنا تھا کہ پاک فوج ملک کی سلامتی، خودمختاری اور دفاع کی ضامن ہے اور اس نے دہشتگردی کے خاتمے، امن کے قیام اور سرحدوں کے تحفظ کے لیے بے مثال قربانیاں دی ہیں، انہوں نے کہا کہ پوری قوم اپنی بہادر افواج کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے اور ہر مشکل گھڑی میں ان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، مقررین کا کہنا تھا کہ ملک دشمن عناصر پاکستان میں عدم استحکام پیدا کرنے کی سازشوں میں مصروف ہیں لیکن پاکستانی قوم متحد ہے اور اپنی سکیورٹی فورسز کے ساتھ سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی مانند کھڑی ہے، سنجیدہ حلقوں نے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 32)

سپریم لیڈر سید خامنہ ائی اسرائیلی و امریکی حملوں میں شہید

ایرانی حکومت کا ملک میں 40 یوم تک سوگ منانے کا اعلان، 7 دن تک عام تعطیل کا بھی اعلان

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) ایرانی سپریم لیڈر آیت اللہ سید خامنہ ائی اسرائیلی و امریکی حملوں میں شہید، کئی دیگر اہم ایرانی فوجی و سول شخصیات بھی حملوں میں شہید، ایرانی حکومت کا ملک میں 40 یوم تک سوگ منانے کا اعلان، 7 دن تک عام تعطیل کا بھی اعلان، حملوں میں ایران کی اعلی قیادت فوجی و اہم تنصیبات اور احساس مقامات کو بڑے پیمانے پر نشانہ بنایا گیا، ایرانی عوام سے صبر کی اپیل، ایران میں قیادت کا فقدان اور خطے میں جنگی ماحول مزید پھیلنے کا خدشہ بڑھنے لگا، عالمی تیل مارکیٹس و سیکورٹی صورتحال بھی متاثر ہونے کا امکان، تفصیلات کے مطابق حکومت ایران نے شدید غم و افسوس اور ایک تاریخی موڑ کے ساتھ بڑا اعلان کیا ہے کہ ملک کے سپریم لیڈر آیت اللہ سید علی خامنہ ای امریکی اور اسرائیلی مشترکہ حملوں میں شہید ہو گئے ہیں جبکہ حملوں میں ایران کے کئی اعلی فوجی و سول شخصیات بھی شہید ہو گئیں ہیں جن میں ایران کی شہری آبادی سمیت سکول و کالج کی 86 طالبات بھی شامل ہیں بین الاقوامی رپورٹس کے مطابق یہ حملہ ایران کی اعلی و عسکری قیادت فوجی تنصیبات اور حساس مقامات کو نشانہ بنانے والی ایک (بقیہ صفحہ 3 نمبر 40)

رمضان المبارک وہ تاریخی دن ہے کہ جب سندھ باب السلام بنا

مفتی عبدالقدیر کا جماعت اسلامی یوم باب الاسلام کے سلسلے میں افطار ڈنر سے خطاب

حویلیاں (نمائندہ شمال) 10 رمضان المبارک وہ تاریخی دن ہے کہ جب سندھ باب السلام بنا۔ ان خیالات کا اظہار جمعیت اتحاد علما تحصیل حویلیاں کے صدر مفتی عبد القدیر نے جماعت اسلامی حویلیاں کے زیر اہتمام یوم باب الاسلام کے سلسلے میں افطار ڈنر سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر امیر جماعت اسلامی تحصیل حویلیاں شیخ طاہر اشتیاق، اسلامی جمعیت طلبہ حویلیاں زون کے ناظم بلال خان تنولی، بزم شاہین کے صدر حسنین غنی، ممتاز قانون دان قاضی ظاہر ایڈووکیٹ اور دیگر رہنما بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ 17 سالہ نوجوان محمد بن قاسم کی بیمثال جدوجہد نے رہتی دنیا تک یہ سبق چھوڑا کہ کامیابی مزاحمت اور جہاد میں ہے کہ جس کے آگے کوئی طاغوتی قوت ٹھہر نہیں سکتی۔ آج کے نوجوان کے لیے کوئی کھلاڑی یا فلمی اداکار نہیں، بلکہ محمد بن قاسم جیسے سپہ سالار ہیں کہ جن کے نقش قدم پہ چل کی امت مسلمہ عروج کا راستہ پا سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج کے پرفتن دور میں نوجوانوں کو رقص و سرور کا رسیا بنانے کی بجائے انہیں جہادی تربیت دینی چاہیئے تاکہ وہ آزمائش آنے پہ وطن عزیز (بقیہ صفحہ 3 نمبر 41)

میجر جنرل جواد احمد کا کنٹونمنٹ بورڈ ایبٹ آباد کا دورہ

دورے کا مقصد ترقیاتی منصوبہ جات اور چھانی کے علاقے میں شہری سہولیات کا جائزہ لینا تھا

ایبٹ آباد (پریس ریلیز) میجر جنرل جواد احمد، ہلالِ امتیاز (ملٹری)، ڈائریکٹر جنرل ملٹری لینڈز و کنٹونمنٹس کا کنٹونمنٹ بورڈ ایبٹ آباد کا دورہ Maj Gen Jawwad Ahmed (میجر جنرل جواد احمد)، ہلالِ امتیاز (ملٹری)، ڈائریکٹر جنرل Military Lands and Cantonments Department (ملٹری لینڈز و کنٹونمنٹس ڈیپارٹمنٹ) نے Cantonment Board Abbottabad (کنٹونمنٹ بورڈ ایبٹ آباد) کا سرکاری دورہ کیا۔ اس دورے کا مقصد انتظامی امور، جاری و مجوزہ ترقیاتی منصوبہ جات اور چھانی کے علاقے میں شہری سہولیات کا جائزہ لینا تھا۔ ڈائریکٹر جنرل کے ہمراہ ڈائریکٹر کنٹونمنٹ انتظامیہ اور ریجنل ڈائریکٹر راولپنڈی بھی موجود تھے۔ کنٹونمنٹ بورڈ دفتر آمد پر ان کا پرتپاک استقبال چیف ایگزیکٹو آفیسر Omer Masoom Wazir عمر معصوم وزیر اور اسٹیشن کمانڈر (بقیہ صفحہ 3 نمبر 42)

کوش ویلی کے بازاروں میں پھل فروپ دوگنا ریٹ پر فروخت ہو رہے ہیں

قیمتوں میں کمی جائے تاکہ غریب روزہ دار بھی ماہ صیام پھل فروٹ کھا سکیں، غریب عوام

بٹل (نمائندہ خصوصی) کوش ویلی کے بازاروں میں سبزی کی طرح فروٹ کی قیمتوں میں بھی کمی کی جائے فروٹ عام دنوں میں سو روپے مل رہا تھا رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں ایک سو پچاس روپے سے لے کر دوسو روپے اور دوسو پچاس روپے تک مل رہا ہے جو غریب عوام کی پہنچ سے دور ہے غریب عوام صرف دیکھ سکتے ہیں خرید نہیں سکتے عوامی حلقوں نے ذمہ داروں سے مطالبہ کیا ہے کہ جس طرح سبزیوں کی قیمتوں میں کمی کی گئی ہے اسی طرح پھل فروٹ کی قیمتوں میں بھی کمی کی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 43)

اب تک 200 افغانی گرفتار 100 سے زائد دوکانیں سیل ہوئیں

جتنے بھی غیر ملکی اور غیر قانونی طور پر آباد ہیں ان کے خلاف کارروائی کی جائے گی، انتظامیہ

مانسہرہ (چیف رپورٹر) اب تک مانسہرہ پولیس نے 200 افغان مہاجرین گرفتار کئے ہیں اور سو دوکانیں سیل کی گئی ہیں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر مانسہرہ عثمان علی جدون نے میڈیا کو بتایا کہ مانسہرہ میں جتنے غیر ملکی اور غیر قانونی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 44)

ستر ہزار یہودی دجال کی فوج میں شامل ہو کر مسلمانوں کا قتل عام کریں گے

اسلامی ملکوں میں قادیانی مرزائی کلیدی عہدوں پر فائز ہو چکے ہیں، پیر دوست محمد قادری چشتی

کلیگاہ (نمائندہ شمال) ایران کے شہر اصفہان سے ستر ہزار یہودی اسلحہ سے لیس ہو کر دجال کی فوج میں شامل ہو کر مسلمانوں کا قتل عام کریں گے سربراہ تحریک تاجدار ختم نبوت و جمعیت علماء پاکستان کے مرکزی رہنماء الحاج مولانا پیر دوست محمد قادری چشتی نے کہا ہے کہ غور طلب بات یہ ہے کہ یہودی کا مرکز تو اسرائیل ہے مگر دجال کی فوج میں ستر ہزار یہودی فوج ایران کے شہر اصفہان سے کیوں نکلیں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 45)

تھانہ لساں نواب کی جانب سے سرچ آپریشن، اسلحہ برآمد، مقدمات درج

تھانہ کی حدود پھیری کا کام کرنے والے افغان مہاجرین کو سختی سے منع کیا گیا آئندہ نہ آئیں

پھلڑہ (نمائندہ شمال) تھانہ لساں نواب کی جانب سے سرچ آپریشن اسلحہ برآمد پھیری پر آنے والے افغان مہاجرین کو تنبیہ ایس ایچ او تھانہ لساں نواب سید صمصام الاسلام شاہ نے سرچ اینڈ سٹرائیک آپریشن کرتے ہوئے اسلحہ برآمد کرتے ہوئے ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر دیئے اس موقع پر تھانہ لساں نواب کی حدود میں پھیری کا کام کرنے والے افغان مہاجرین کو سختی سے منع کیا کہ آئندہ تھانہ لساں نواب کی حدود میں نہ آئیں اسی طرح تھانہ لساں نواب کی حدود میں کوئی افغان مہاجر رہائش پذیر نہ پایا گیا اس موقع پر ایس ایچ او صمصام الاسلام شاہ نے کہا ہے کہ تھانہ لساں نواب کی حدود (بقیہ صفحہ 3 نمبر 46)

ہائیر سیکنڈری سکول پھلڑہ کو بہتر بنانے کے لئے تمام تر اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں

پھلڑہ (نمائندہ شمال) ہائیر سیکنڈری سکول پھلڑہ کو بہتر بنانے کے لئے تمام تر اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں تزئین و آرائش کے ساتھ ساتھ سکول کی تعلیمی حالت کو بہتر بنانا مشن ہے پرنسپل محمد اسلم تنولی نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 47)

حکومت مہنگائی کے جن کو قابو کر کے روزہ داروں کو ریلیف فراہم کرے

بجنہ (نامہ نگار) حکومت رمضان المبارک میں مہنگائی کے جن کو قابو کر کے روزہ داروں کو ریلیف فراہم کرے۔ یہ بات عوامی، سماجی اور سیاسی حلقوں نے رمضان المبارک کے موقع پر سینیئر لیگی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 48)

ضلعی انتظامیہ پرائس کنٹرول کمیٹی جاری کردہ نرخناموں پر عملدرآمد میں ناکام

گوشت نوسو کے بجائے گیارہ سو جبکہ بوٹی گوشت چودہ سو روپے کلو فروخت ہو رہا ہے

پھلڑہ (نمائندہ شمال) ضلع انتظامیہ پرائس کنٹرول کمیٹی کے جاری کردہ نرخنامہ پر عملدرآمد کرانے میں ناکام رہی گوشت نوسو روپے کی بجائے گیارہ سو روپے، بوٹی قیمہ کی فروخت پر پابندی کے باوجود چودہ سو روپے فی کلو گرام بازار میں سرعام فروخت جاری، صوبائی حکومت کی جانب سے سستا آٹا کی فراہمی بھی نہ ہو سکی ماہ رمضان میں صوبائی حکومت کے احکامات اور ضلع حکومتوں کی جانب سے غریب عوام کو لالی پاپ کے سوا کچھ نہ مل سکا ماہ رمضان سے قبل مانسہرہ انتظامیہ کی جانب سے نرخنامہ جاری کیا گیا تھا جس میں موٹا گوشت نوسو روپے فی کلو گرام نرخ مقرر کرتے ہوئے قیمہ اور بوٹی گوشت کی فروخت پر پابندی عائد کی گئی مگر ضلع بھر کے بازاروں میں سرعام ہڈی والا گوشت نوسو روپے کی بجائے گیارہ سو روپے میں فروخت ہو رہا ہے اسی طرح قیمتہ اور بوٹی گوشت پابندی کے باوجود سرعام چودہ سو روپے فی کلو (بقیہ صفحہ 3 نمبر 49)

کنگ عبداللہ ٹیچنگ ہسپتال/مانسہرہ میں ایک نہایت پروقار تقریب

الائیڈ ہیلتھ آفیسر سرجیکل حاجی محمد صابر سروس کی تکمیل پر ان کی خدمات کو سراہا گیا

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) الائیڈ ہیلتھ آفیسر سرجیکل حاجی محمد صابر (BS17) کی شاندار اور باوقار سروس کی تکمیل کے موقع پر کنگ عبداللہ ٹیچنگ ہسپتال/مانسہرہ میں ایک نہایت پروقار، یادگار اور تاریخی تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں الائیڈ ہیلتھ پروفیشنلز، معزز ڈاکٹرز اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی ممتاز شخصیات نے بھرپور شرکت کر کے اپنی عقیدت و محبت کا اظہار کیا۔ مقریب کے مہمانِ خصوصی ایم ایس ڈاکٹر عبدالعلیم تنولی تھے جبکہ ڈپٹی میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر خضران سعید، ڈاکٹر الیاس قریشی، سابق صدر ضلع مانسہرہ خالد خان سواتی اور سابق صدر کنگ عبداللہ ٹیچنگ ہسپتال مانسہرہ وحید اکرم صدر نرسز ایسوسی ایشن نبیلہ خان سواتی اور صدر کلاس فور ایسوسی ایشن قاری محمد شفیع معاویہ کی خصوصی شرکت نے تقریب کو چار چاند لگا دیے۔ مقررین نے اپنے خطابات میں حاجی محمد صابر کی دیانت، فرض شناسی، پیشہ ورانہ مہارت اور انسان دوستی کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے انہیں محکمہ صحت کا ایک درخشاں باب اور قابل (بقیہ صفحہ 3 نمبر 50)

میں خیبر پختونخوا کے مقبول ترین روزنامہ "شمال" کی 36 ویں سالگرہ کے موقع پر چیف ایڈیٹر **نیاز پاشا جدون مرحوم**، ایڈیٹر **سراج الثقلین جدون**، شمال کے سینئر صحافی **شیخ نزیر**، داتا سے **محمد نعیم** سمیت ادارہ شمال کی پوری ٹیم کو دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ میری دعا اور نیک تمنائیں ہیں کہ ادارہ شمال پہلے سے بڑھ کر حق و سچ کی آواز بلند کرتا رہے اور ہزارہ کے عوام کی بھرپور ترجمانی اسی جذبے اور دیانت داری کے ساتھ جاری رکھے۔ آمین

حاجی محمد رفیق سینئر نائب چیئرمین
صبور رضا خان جنرل سیکرٹری
پاکستان کیمسٹ اینڈ ڈرگسٹ ایسوسی ایشن ضلع مانسہرہ

میں خیبر پختونخوا کے مقبول ترین روزنامہ "شمال" کی 36 ویں سالگرہ کے موقع پر چیف ایڈیٹر **نیاز پاشا جدون مرحوم**، ایڈیٹر **سراج الثقلین جدون**، شمال کے سینئر صحافی **شیخ نزیر**، داتا سے **محمد نعیم** سمیت ادارہ شمال کی پوری ٹیم کو دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ میری دعا اور نیک تمنائیں ہیں کہ ادارہ شمال پہلے سے بڑھ کر حق و سچ کی آواز بلند کرتا رہے اور ہزارہ کے عوام کی بھرپور ترجمانی اسی جذبے اور دیانت داری کے ساتھ جاری رکھے۔ آمین

منجانب: **نزیر احمد**
چیئرمین اکبر لائف لائن فاؤنڈیشن ضلع مانسہرہ

میں ہزارہ کے معتبر روزنامہ شمال کو 36 سالہ شاندار صحافتی سفر کی تکمیل پر دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں حق گوئی غیر جانبدارانہ رپورٹنگ اور عوامی مسائل کی جراتمندانہ ترجمانی میں روزنامہ شمال نے جو مقام حاصل کیا وہ لائق تحسین ہے مرحوم چیف ایڈیٹر **نیاز پاشا جدون** کی روشن صحافتی خدمات اور بلند معیار کی بدولت یہ ادارہ آج بھی سچائی اور اعتماد کی علامت سمجھا جاتا ہے اس موقع پر ایڈیٹر **سراج الثقلین جدون**، نوجوان صحافی **میاں عبدالوحید** سمیت ادارہ شمال کی پوری ٹیم کو دلی مبارک باد پیش کرتا ہوں دعا ہے کہ روزنامہ شمال اسی عزم دیانت اور پیشہ ورانہ وقار کے ساتھ ہزارہ کی عوام کی ترجمانی جاری رکھے

منجانب: **میاں قاسم ہزاروی** بانی شہدائے بالاکوٹ ویلفیئر ایسوسی ایشن سعودی عرب ریاض